مصنف
مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی غفرلہ

نظر ثانی
ابو احمد مفتی انس رضا قادری

فقہی مسائل گروپ (فیس بک) کے ذریعے پوچھے جانے والے سوالات کے دیے گئے جوابات کا مجموعہ بنام

100
فقہی مسائل
اور ان کا حل

حصہ دوم

مصنف

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی غفرلہ

نظر ثانی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری مدنی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

پیشکش: الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی (آن لائن)

عنوانات	صفحہ نمبر
عقائد کا بیان	
شب معراج اور دیدار الٰہی	1
اللہ پاک کی طرف استہزاء کی نسبت کرنا	2
اللہ پاک کی طرف مکر کی نسبت کرنا	3
اللہ میاں کہنا کیسا؟	4
ہاروت ماروت کے قصے کی حقیقت	5
طہارت و نماز کا بیان	
وضو میں ڈاڑھی کے بال دھونا	6
وقت سے پہلے اذان دینا	7
نماز جنازہ سے پہلے اذان	8
فجر کی سنتوں کی قضا	9
نماز میں سورتوں کی ترتیب	10
سامع کا امام کے پیچھے قرآن دہرانا	11
لاحق اپنی رہ جانے والی رکعات کیسے ادا کرے گا	12
نماز میں ٹوپی گر جائے تو۔۔۔	13
ٹوپی کے درمیانی حصہ پر عمامہ نہ ہو تو	14
دوران خطبہ عصا اٹھانا	15
اشاروں سے نماز پڑھنے والے کی امامت کا حکم	16

عنوانات	صفحہ نمبر
نماز جنازہ کا بیان	
غائبانہ نماز جنازہ کا حکم	17
نجاشی بادشاہ کا جنازہ	18
روزوں کا بیان	
رمضان کی پہلی رات کی فضیلت	19
سحری کا وقت ختم ہونے کے بعد کھانا	20
ڈکار کا پانی نگلنے سے روزے کا حکم	21
روزے میں فلم دیکھنا کیسا؟	22
کسی اور سے روزے رکھوانا	23
اعتکاف کا بیان	
بغیر روزہ اعتکاف کا حکم	24
دوران اعتکاف حیض آجائے تو۔۔	25
اعتکاف کی جگہ پردے لٹکانا	26
صدقہ فطر وزکوۃ کا بیان	
نابالغ اولاد کا صدقہ فطر	27
سید کا سید کو زکوۃ دینا	28
اپنی اولاد کو فدیہ دینا	29
امام مسجد کو زکوۃ دینا	30

عنوانات	صفحہ نمبر
شوہر کو زکوۃ دینا	31
قسطوں میں زکوٰۃ کی ادائیگی	32
نابالغ کا زکوٰۃ پر قبضہ	33
زکوٰۃ کی رقم سے کھانا کھلانا	34
قرضدار پر عشر	35
حج وعمرہ کا بیان	
بغیر محرم عمرے پر جانا	36
عورت کا حالت احرام میں سر کا مسح کرنا	37
حلق یا تقصیر کہاں کی جائے	38
سالی کا بہنوئی کے ساتھ عمرہ پر جانا	39
نکاح کا بیان	
عورت کو ایک وقت میں ایک سے زائد نکاح کی اجازت کیوں نہیں	40
چچی / ممانی سے نکاح کا حکم	41
رضاعی بہن سے نکاح	42
مسجد میں نکاح	43
بد عقیدہ امام سے نکاح پڑھانا	44
منگیتر کو انگوٹھی پہنانا	45

عنوانات	صفحہ نمبر
منگیتر کو تحفہ دینا	46
ساتویں ماہ پیدا ہونے والے بچے کا نسب	47
نشے کی حالت میں طلاق	48
خلع کی تعریف	49
ایلاء کی تعریف و حکم	50
اجارہ و خرید و فروخت کا بیان	
چوری شدہ مال کو بیچنا یا تحفے میں دینا	51
جفتی پر اجرت لینا	52
جفتی پر ہدیہ دینے کا حکم	53
گندم کی پسائی کی اجرت میں آٹا لینا	54
جعلی ڈگری پر نوکری کرنا	55
قبضے میں آنے سے پہلے کوئی چیز بیچنا	56
قرآن پاک پڑھانے کی اجرت	57
دوسرے کی جگہ ٹیسٹ دینا	58
نان کسٹم پیڈ اشیاء کی خرید و فروخت کا حکم	59
حظر و اباحت / متفرق مسائل	
بزرگ یا عالم کے ہاتھ چومنا	60
آکاش نام رکھنے کا حکم	61

عنوانات	صفحہ نمبر
احساس پروگرام کی رقم لینے کا حکم	62
Alligator fish کھانا کیسا؟	63
تحنیک (گھٹی) کی شرعی حیثیت	64
بیعت ہونے کیلیے والدین کی اجازت لینا	65
بیٹی کے انتقال کے بعد جہیز واپسی کا مطالبہ کرنا	66
بوسکی کپڑے پہننے کا حکم	67
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بیٹے پر حد جاری کرنا	68
حالت حیض میں جماع اور ولیمہ	69
چائے میں مکھی گر جائے تو	70
جائیداد سے عاق کرنے کی شرعی حیثیت	71
ڈھول بجانا کیسا؟	72
دلہن کے پاؤں دھو کر چھڑکنا کیسا؟	73
دف کے ساتھ نعت پڑھنا کیسا؟	74
حق مہر میں وراثت	75
صدقے کا گوشت چھت پہ ڈالنا	76
سورج گرہن اور بدشگونی	77
سسر کا بہو سے جسمانی خدمت لینا	78
زندہ کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ لکھنا	79

عنوانات	صفحہ نمبر
علوی کسے کہتے ہیں؟	80
عدت والی عورت کا چارپائی پر سونا	81
صفر کی آخری بدھ کی حقیقت	82
غیر مسلم سے خون لینا	83
غیر محرم سے ہاتھ ملانا	84
غیر قانونی طور پر دوسرے ملک جانا	85
عورت کا لاؤڈ اسپیکر پر نعت خوانی کرنا	86
کمیٹی کا حکم	87
قربانی کی رقم صدقہ کرنا	88
قبر میں چٹائی بچھانا	89
قبر پر پھول ڈالنا	90
مشروم / کھمبی کھانا کیسا	91
مرغی اذان دے تو اسے ذبح کرنا کیسا	92
ماہ صفر میں شادی کرنا	93
گیارہویں شریف کی شرعی حیثیت	94
نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے صحبت سے روکنا	95
نام محمد کی برکات	96
ناخن کاٹنے کا سنت طریقہ	97

عنوانات	صفحہ نمبر
ایک حدیث کی تحقیق	98
ہاتھ میں دھاگا باندھنا	99
عمرے سے بھاگ کر کمانے جانا	100

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

شب معراج اور دیدار الٰہی

سوال: شب معراج آنے والی ہے اس رات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج کروائی گئی تو ایک سوال پیدا ہوتا ہے کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیداری کی حالت میں اللہ پاک کا دیدار کیا تھا یا نہیں؟

User ID: unknown

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج بیداری کی حالت میں اپنی سر کی آنکھوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا جس کا ثبوت آیات قرآنیہ، احادیث نبویہ اور اقوالِ صحابہ میں موجود ہے۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "ان الله اعطى موسى الكلام واعطانى الرؤية لوجهه وفضلنى بالمقام المحمود والحوض المورود" ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو ہم کلامی بخشی اور مجھے اپنا دیدار عطا فرمایا اور مجھ کو شفاعت کبریٰ و حوض کوثر سے فضیلت بخشی۔

(کنز العمال بحوالہ ابن عساکر، عن جابر حدیث، ج14، ص447، بیروت)

مجمع الزوائد میں ہے: "عن ابن عباس انه كان يقول ان محمد صلى الله تعالى عليه وسلم رأى ربه مرتين مرة ببصره ومرة بفؤاده" ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا۔ ایک مرتبہ سر کی آنکھ سے اور ایک مرتبہ دل کی آنکھ سے۔

(مجمع الزوائد، باب منہ فی الاسراء، ج01، ص79، مطبوعہ مکتبۃ القدسی)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی

25 رجب المرجب 1444ھ/17 فروری 2023ء

2

اللہ پاک کی طرف استہزاء کی نسبت کرنا

سوال: میں نے آپ سے استہزاء کا مطلب پوچھنا تھا اعلی حضرت علیہ الرحمۃ نے کنز الایمان میں ترجمہ کیا ہے کہ اللہ نے ان سے استہزاء کیا اس سے کیا مراد ہے؟

User ID: Arman Raza

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

استہزاء کا لغوی معنی مذاق اڑانا، ٹھٹّھا کرنا، ہنسی ٹھٹھا کے ہیں اور یہ معنی اللہ پاک کی شایانِ شان نہیں اس لیے جہاں استہزاء کی نسبت اللہ پاک کی طرف ہو تو وہاں استہزاء کا معنی ہنسی مذاق کا بدلہ دینا کریں گے۔ جیسا تفسیر صراط الجنان میں اَللّٰهُ یَسْتَهْزِئُ بِهِمْ کی تفسیر میں ہے کہ: اللہ تعالیٰ استہزاء اور تمام عیوب سے پاک ہے یہاں جو اللہ تعالیٰ کی طرف استہزاء کی نسبت ہے اس سے مراد منافقوں کے استہزاء کا بدلہ دینا ہے اور بدلے کے وقت عربی (اور اردو) میں اسی طرح کا لفظ دہرا دیا جاتا ہے جیسے کہا جائے کہ برائی کا بدلہ برائی ہی ہوتا ہے حالانکہ برائی کا بدلہ تو عدل و انصاف اور آدمی کا حق ہوتا ہے۔
(تفسیر صراط الجنان بحوالہ تفسیر قرطبی، البقرۃ، تحت الآیۃ: 15، الجزء الاول، 1 / 183)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبــــــــــــــہ
مولانا محمد عابد علی حسینی مدنی
25 رجب المرجب 1444ھ/17 فروری 2023ء

اللہ پاک کی طرف مکر کی نسبت کرنا

سوال: لوگوں کی سازشیں آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں قرآن کہتا ہے تمہارا رب بہترین چال چلنے والا ہے، ایک صاحب نے یہ قرآن کی آیت کا ترجمہ لکھا ہے کیا یہ درست ہے؟

User ID: Ghulam Murtaza

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرآن پاک میں ہے وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ترجمہ: اور اللہ سب سے بہتر چھپی تدبیر والا ہے۔ لفظ مَکَر لغت عرب میں ستر یعنی پوشیدگی کے معنی میں ہے اسی لئے خفیہ تدبیر کو بھی مَکَر کہتے ہیں اور وہ تدبیر اگر اچھے مقصد کے لیے ہو تو محمود اور کسی قبیح غرض کے لیے ہو تو مذموم ہوتی ہے مگر اردو زبان میں یہ لفظ فریب کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے اس لیے ہرگز شانِ الٰہی میں نہ کہا جائے گا اور اب چونکہ عربی میں بھی دھوکے کے معنیٰ میں معروف ہو گیا ہے اس لیے عربی میں بھی شانِ الٰہی میں اس کا اطلاق جائز نہیں آیت میں جہاں کہیں مذکور ہوا ہے وہاں وہ خفیہ تدبیر کے معنی میں ہے۔

(تفسیر صراط الجنان ملتقطا)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

25 رجب المرجب 1444ھ/17 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: اللہ میاں کہنا کیسا؟

User ID: Saifullah Khan

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ پاک کے ساتھ میاں کا لفظ بولنا منع ہے۔ اللہ تعالیٰ یا اللہ عزوجل کہنا چاہیے۔ کیونکہ جس لفظ کے چند معنی ہوں اور کچھ معنی خبیث ہوں اور وہ لفظ شرع میں وارد نہ ہو تو اس کا اطلاق اللہ عزوجل پر منع ہے۔ (فتاویٰ شارح بخاری)

امام اہلسنت سیدی اعلی حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کیلیے میاں کا لفظ نہ بولا جائے کہ وہ تین معنی رکھتا ہے، آقا اور شوہر اور مرد و عورت میں زنا کا دلال، ان میں دو رب العزت کیلیے محال (یعنی ناممکن) ہیں، لہذہ اطلاق (بولنا) ممنوع ہے۔

(فتاوی رضویہ، جلد 21، صفحہ 114، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

26 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/15 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

5

ہاروت ماروت کے قصے کی حقیقت

سوال: ہاروت وماروت کے بارے میں جو یہ سنا ہے کہ وہ آج بھی ایک کوئں میں لٹکایا ہوا ہے کیا یہ صحیح ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہاروت، ماروت دو فرشتے ہیں جنہیں بنی اسرائیل کی آزمائش کیلئے اللہ تعالیٰ نے بھیجا تھا۔ ان کے بارے میں غلط قصے بہت مشہور ہیں اور وہ سب باطل ہیں۔ (خازن، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۱۰۲، ۱ / ۷۵) اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ ہاروت اور ماروت کے بارے میں جو کلام فرمایا اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ’’ہاروت اور ماروت کا واقعہ جس طرح عوام میں مشہور ہے آئمہ کرام اس کا شدید اور سخت انکار کرتے ہیں، اس کی تفصیل شفاء شریف اور اس کی شروحات میں موجود ہے، یہاں تک کہ امام اجل قاضی عیاض رحمہ اللہ نے فرمایا: ’’ہاروت اور ماروت کے بارے میں یہ خبریں یہودیوں کی کتابوں اور ان کی گھڑی ہوئی باتوں میں سے ہیں۔ اور راجح یہی ہے کہ ہاروت اور ماروت دو فرشتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی آزمائش کے لئے مقرر فرمایا کہ جو جادو سیکھنا چاہے اسے نصیحت کریں کہ ’’اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ‘‘ ہم تو آزمائش ہی کے لئے مقرر ہوئے ہیں تو کفر نہ کر۔ اور جو ان کی بات نہ مانے وہ اپنے پاؤں پہ چل کے خود جہنم میں جائے، یہ فرشتے اگر اسے جادو سکھاتے ہیں تو وہ فرمانبرداری کر رہے ہیں نہ کہ نافرمانی کر رہے ہیں۔

(الشفاء، فصل فی القول فی عصمۃ الملائکۃ، ص۱۷۶-۱۷۵، الجزء الثانی، فتاوی رضویہ، کتاب الشتی، ۲۶ / ۳۹۷)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

25 محرم الحرام 1443ھ/24 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

6

وضو میں داڑھی کے بال دھونا

سوال: وضو میں داڑھی کو پورا گیلا کرنا ضروری ہے؟

user id : Shoaib

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

داڑھی کے بال اگر گھنے نہ ہوں تو جلد کا دھونا فرض ہے اور اگر گھنے ہوں تو گلے کی طرف دبانے سے جس قدر چہرے کے گردے میں آئیں ان کا دھونا فرض ہے اور جڑوں کا دھونا فرض نہیں اور جو حلقے سے نیچے ہوں ان کا دھونا ضرور نہیں اور اگر کچھ حصہ میں گھنے ہوں اور کچھ چھدرے، تو جہاں گھنے ہوں وہاں بال اور جہاں چھدرے ہیں اس جگہ جلد کا دھونا فرض ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

27 صفر المظفر 1443ھ/24 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

7

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

وقت سے پہلے اذان دینا

سوال: مفتی صاحب رہنمائی فرمائیں عشاء کا وقت داخل ہونے سے پہلے اذان دی گئی کیا دوبارہ اذان دینے کی ضرورت ہو گی؟

User ID: Rashid Ali

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وقت ہونے کے بعد اذان کہی جائے، قبل از وقت کہی گئی یا وقت ہونے سے پہلے شروع ہوئی اور اذان کے دوران وقت آگیا، تو اذان کا اعادہ کیا جائے۔

ھدایہ میں ہے کہ لایوذن لصلوۃ قبل دخول وقتھا ویعاد فی الوقت ترجمہ: کسی نماز کیلیے وقت سے پہلے اذان نہیں کہی جائے گی اور وقت مین اس کا اعادہ کیا جائے گا۔

(ھدایہ جلد 1، صفحہ 90، مطبوعہ لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
مولانا محمد عبدعلی حسینی مدنی
23 جمادی الاخری 1443ھ/16 دسمبر 2023ء

وعلی آلک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY

8

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

نماز جنازہ سے پہلے اذان

سوال: کیا نماز جنازہ سے پہلے اذان دینا جائز ہے؟ باحوالہ جواب دیں

User ID: Mansoor Ahmed

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز پنجگانہ جب جماعت مستحبہ کے ساتھ مسجد میں وقت پر ادا کی جائیں تو ان کے لیے اَذان سنت موکدہ ہے ان کے علاوہ کسی نماز کیلیے اذان دینا مشروع نہیں۔

فتاوی عالمگیری میں ہے: ولیس لغیر الصلوات الخمس والجمعة نحو السنن والوتر والتطوعات والتراویح والعیدین أذان ولا إقامة ۔۔۔وصلاة الجنازة والإستسقاء والضحی والأفزاع ۔ پانچ نمازوں اور جمعہ کے سوا باقی نمازوں مثلاً سنن، وتر، نفلی نماز، تراویح، عیدین، نماز جنازہ، استسقاء اور خوف کی نماز میں اَذان و اقامت نہیں۔

(الفتاوی الھندیة، کتاب الصلاۃ، الباب الثانی فی الأذان، الفصل الأول، ج1، ص53)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

13 رجب المرجب 1443ھ/04 جنوری 2023ء

فجر کی سنتوں کی قضا

سوال: فجر کی نماز چھوٹ جائے تو طلوع آفتاب کے بیس منٹ بعد اب پڑھیں گے تو سنت کے ساتھ پڑھیں یا بغیر سنت اور نیت قضاء کی کریں گے یا ادا کی؟

User ID: Imtiaz Ahmed

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پوچھی گئی صورت میں قضا کی نیت سے سنتیں بھی پڑھیں گے۔ فجر کی سنتوں کے متعلق ضابطہ یہ ہے کہ فجر کی نماز قضا ہو گئی اور زوال سے پہلے پڑھ لی تو سنتیں بھی پڑھے ورنہ نہیں علاوہ فجر کے اور سنتیں قضا ہو گئیں تو ان کی قضا نہیں۔

(ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، باب الوتر و النوافل، مطلب فی السنن و النوافل، ج2، ص550)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی

23 جمادی الاخری 1443ھ/16 دسمبر 2023ء

نماز میں سورتوں کی ترتیب

سوال: نماز میں سورتوں کی ترتیب کے بارے میں سمجھادیں

User ID: sardar Ali

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں سورتوں کی ترتیب یہ ہے جو آیت یا سورت پہلے ہے، اسے پہلی رکعت میں اور جو بعد میں ہے اسے بعد والی رکعت میں پڑھنا واجب ہے۔ قرآن مجید اُلٹا پڑھنا کہ دوسری رکعت میں پہلی والی سے اوپر کی سورت پڑھے، یہ مکروہ تحریمی ہے، مثلاً پہلی میں قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھی اور دوسری میں اَلَمْ تَرَ كَیْفَ۔ اس کے لیے سخت وعید آئی، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: "جو قرآن اُلٹ کر پڑھتا ہے، کیا خوف نہیں کرتا کہ اللہ اس کا دل اُلٹ دے۔" البتہ جان بوجھ کر ایسا ہو یا بھول کر، بہر صورت سجدہ سہو واجب نہیں ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبیز علی حسینی مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ/01 دسمبر 2023ء

11

سامع کا امام کے پیچھے قرآن دھرانا

سوال: تراویح میں سامع بھرپور توجہ اور لفظ بالفظ صحیح سماعت کے لیے امام صاحب کے ساتھ خاموشی کے ساتھ قرآن پاک پڑھ سکتا ہے کیا ایسا کرنا جائز ہے ؟

User ID: Mohsin Ahmed

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام کے پیچھے قراءت کرنا مطلقا جائز نہیں اگرچہ سامع ہی کیوں نہ ہو کیونکہ قرآن پاک میں ہے کہ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ترجمہ: اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے غور سے سنو اور خاموش رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ ہاں اگر بغیر زبان ہلائے دل میں دھراتا رہے تو حرج نہیں، یہ پڑھنا شمار نہیں ہوگا کیونکہ شریعت میں جس جگہ کچھ پڑھنا یا کہنا مقرر کیا گیا ہے، اس سے یہی مقصد ہے کہ کم سے کم اتنا ہو کہ خود سن سکے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
مولانا محمد عبد العلی حسینی مدنی
01 شعبان المعظم 1444ھ/22 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

12

لاحق اپنی رہ جانے والی رکعات کیسے ادا کرے

سوال: امام کے پیچھے نماز پڑھنے والے مقتدی کا اچانک وضو ٹوٹ گیا ہو اور جب تک وضو بنا کر آیا ابھی کچھ رکعتیں باقی ہیں تو اب نماز کو کس طرح ادا کرے

user id : ikram Raza

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

اگر وہ شخص امام کے ساتھ پہلی رکعت میں اقتداء کی بعد میں اس کا وضو ٹوٹ گیا تو ایسا شخص لاحق ہے اور لاحق کا حکم یہ ہے کہ پہلے وضو کرے اور آکر پہلی اپنی فوت ہونے والی رکعات بغیر قرآت کے پڑھے، اس کے بعد اگر امام کو پا لے تو ساتھ ہو جائے۔ بہارِ شریعت میں ہے کہ لاحق مدرک کے حکم میں ہے کہ جب اپنی فوت شدہ پڑھے گا، تو اس میں نہ قراءت کرے گا۔۔۔۔ اور اپنی فوت شدہ کو پہلے پڑھے گا، یہ نہ ہو گا کہ امام کے ساتھ پڑھے، پھر جب امام فارغ ہو جائے تو اپنی پڑھے، مثلاً اس کو حدث ہوا اور وضو کر کے آیا، تو امام کو قعدۂ اخیرہ میں پایا تو یہ قعدہ میں شریک نہ ہو گا، بلکہ جہاں سے باقی ہے، وہاں سے پڑھنا شروع کرے، اس کے بعد اگر امام کو پالے تو ساتھ ہو جائے اور اگر ایسا نہ کیا بلکہ ساتھ ہو لیا، پھر امام کے سلام پھیرنے کے بعد فوت شدہ پڑھی، تو ہو گئی، مگر گنہگار ہوا۔

(الدرالمختار و ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، مطلب فیالوثق بالرکوع۔۔۔ إلخ، ج2، ص416)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عابد علی حسینی مدنی

28 جمادی الاول 1443ھ/22 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نماز میں ٹوپی گر جائے تو

سوال: دوران نماز اگر سر سے ٹوپی گر جائے تو کیا کرنا چاہیے اٹھالینا چاہیے یا چھوڑ دینا چاہیے؟

User ID: Bilal surani

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں ٹوپی گر پڑی تو اٹھالینا افضل ہے، جب کہ عمل کثیر کی حاجت نہ پڑے، ورنہ نماز فاسد ہو جائے گی اور بار بار اٹھانی پڑے، تو چھوڑ دے اور نہ اٹھانے سے خضوع مقصود ہو، تو نہ اٹھانا افضل ہے۔

(الدرالمختار'' و'' ردالمحتار'' ، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ۔۔۔ إلخ، مطلب فی الکراھۃ التحریمیۃ والتنزیھیۃ، ج2، ص 491)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

29 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/18 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

14

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

ٹوپی کا درمیانی حصے پر عمامہ نہ ہو تو

سوال: ٹوپی کے ارد گرد عمامہ ہو اور درمیان سے خالی ہو تو یہ سنت کہلائے گا کہ نہیں دوسرا یہ اعتجار کے حکم میں آئے گا کہ نہیں؟

User ID: Prince Prince

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سوال میں جو صورت بیان کی گئی ہے یہ اعتجار کے حکم میں نہیں اس سے عمامے کی سنت ادا ہو جائے گی۔

فتاوی امجدیہ میں ہے: "لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ٹوپی پہنے رہنے کی حالت میں اعتجار ہوتا ہے، مگر تحقیق یہ ہے کہ اعتجار اسی صورت میں ہے کہ عمامہ کے نیچے کوئی چیز سر کو چھپانے والی نہ ہو۔"
(فتاوی امجدیہ، حصہ 1، صفحہ 399، مکتبہ رضویہ، آرام باغ، کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــہ
مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی
10 جمادی الاخری 1443ھ/03 جنوری 2023ء

دوران خطبہ عصا اٹھانا

سوال: خطبے کے دوران امام کا ہاتھ میں عصا پکڑنا ضروری ہے ؟

User ID: Azhar Ali

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام کو خطبے کے وقت عصا لینا ضروری نہیں ہے بلکہ جواز میں بھی اختلاف ہے بعض ائمہ عصا لینے کو بہتر کہتے ہیں اور بعض مکروہ اور جب کراہت اور استحباب میں اختلاف ہو تو ترک کرنا اولی ہوتا ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: خطبہ میں عصا ہاتھ میں لینا بعض علماء نے سنت لکھا اور بعض نے مکروہ، اور ظاہر ہے کہ اگر سنت بھی ہو تو کوئی سنت مؤکدہ نہیں، تو بنظرِ اختلاف اُس سے بچنا ہی بہتر ہے مگر جب کوئی عذر ہو، وذلك لان الفعل اذا تردد بین السنیۃ والکراھۃ کان ترکہ اولی واللہ تعالی اعلم۔ وہ اس لئے کہ جب فعل کے سنت اور مکروہ ہونے میں شک ہو تو اس کا ترک بہتر ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(فتاویٰ رضویہ، کتاب الصلاۃ، باب الجمعہ، جلد 8، صفحہ 303، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی

24 رجب المرجب 1444ھ/16 فروری 2023ء

16

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

اشاروں کے ساتھ نماز پڑھنے والے کی امامت

سوال: کیا معذور شخص امامت کروا سکتا ہے۔ اس کے گھٹنے پر چوٹ آئی ہے سجدہ نہیں کرتا کرسی رکھی ہوئی ہے ؟

User ID: Ali Hamza

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو شخص رکوع و سجود پر قادر نہیں کرسی پر بیٹھ کر اشاروں کے ساتھ نماز پڑھتا ہے تو ایسا شخص رکوع و سجود کے ساتھ نماز پڑھنے والوں کی امامت نہیں کروا سکتا۔

بہار شریعت میں ہے : "جو رکوع و سجود سے عاجز ہے یعنی وہ کہ کھڑے یا بیٹھے رکوع و سجود کی جگہ اشارہ کرتا ہو، اس کے پیچھے اس کی نماز نہ ہو گی جو رکوع و سجود پر قادر ہے اور اگر بیٹھ کر رکوع و سجود کر سکتا ہو تو اس کے پیچھے کھڑے ہو کر پڑھنے والے کی ہو جائے گی۔ " (بہار شریعت، جلد: 1، صفحہ: 571، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ
مولانا محمد عبد علی حسیفی مدنی
04 رمضان المبارک 1444ھ/26 مارچ 2023ء

غائبانہ نمازِ جنازہ کا حکم

سوال: غائبانہ نمازِ جنازہ پڑھنا کیسا؟

User Id; inam ullah Attari

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احناف کے نزدیک غائبانہ نمازِ جنازہ پڑھنا جائز نہیں، کیونکہ نمازِ جنازہ درست ہونے کی شرائط میں سے ایک شرط میت کا نمازی کے سامنے ہونا ہے، اور غائبانہ نمازِ جنازہ میں یہ شرط نہیں پائی جاتی، لہذا غائبانہ نمازِ جنازہ پڑھنا جائز نہیں۔

تنویر الابصار میں ہے "شرطھا وضعہ امام المصلی" ترجمہ: جنازہ کا نمازی کے سامنے حاضر ہونا شرط نمازِ جنازہ ہے۔ اور در مختار میں ہے "شرطھا حضورہ فلا تصح علی غائب" ترجمہ: جنازہ کا حاضر ہونا نماز کی شرط ہے لہذا کسی غائب پر نمازِ جنازہ صحیح نہیں۔ (در مختار، جلد 3، صفحہ 104، مطبوعہ ملتان)

فتح القدیر اور بحر الرائق میں ہے واللفظ للآخر "وشرط صحتھا اسلام المیت وطھارتہ ووضعہ امام المصلی فلھذا القید لا تجوز علی غائب" ترجمہ: صحت نمازِ جنازہ کی شرط یہ ہے کہ میت مسلمان ہو، طاہر ہو، جنازہ نمازی کے آگے زمین پر رکھا ہو۔ اسی شرط کے سبب کسی غائب کی نمازِ جنازہ جائز نہیں۔

(بحر الرائق، جلد 2، صفحہ 313، مطبوعہ کوئٹہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

25 محرم الحرام 1443ھ / 24 اگست 2022ء

18

نجاشی بادشاہ کا جنازہ

سوال: احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نجاشی بادشاہ کا غائبانہ نماز جنازہ پڑھانا ثابت ہے تو پھر کیوں اس سے منع کیا گیا ہے کیا اس حدیث کا حکم بعد میں منسوخ ہو گیا تھا؟ براہِ کرم رہنمائی فرمائیں User ID; faisal salih

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

علماء نے اس کے کئی جوابات دیے ہیں چنانچہ یہ عمل سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خاص تھا اور سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نجاشی کا جنازہ غائب نہ تھا بلکہ آپ کے سامنے حاضر تھا چنانچہ فتح الباری میں ہے کہ "ومن ذلک قول بعضھم کشف لہ صلی اللہ علیہ وسلم عنہ حتی رآہ، فتکون صلاتہ علیہ کصلاۃ الإمام علی میت رآہ ولم یرہ المأمومون" ترجمہ: اور بعض علماء نے کہا کہ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے حجاب ہٹا دیئے گئے یہاں تک کہ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نجاشی کو دیکھ رہے تھے اور صحابہ نے اسے نہ دیکھا تو یہ نماز ایسی ہوئی جیسے کہ امام کے سامنے میت ہوتی ہے اور وہ اسے دیکھ رہا ہوتا ہے۔

[فتح الباری، کتاب الجنائز، الصفوف علی الجنازۃ، جلد 3، صفحہ 240، مطبوعہ کراچی]

نجاشی کے علاوہ کسی صحابی کی نماز اس طرح پڑھنا ثابت نہیں حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام کی نماز جنازہ کا بہت اہتمام فرماتے تھے۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

27 محرم الحرام 1443ھ/26 اگست 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

رمضان کی پہلی رات کی فضیلت

سوال: جو شخص رمضان کا پہلا روزہ رکھتا ہے اس کے پچھلے رمضان سے اس دن تک کے صغیرہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور ستر ہزار فرشتے غروب آفتاب تک دعا کرتے رہتے ہیں ایں سی کوئی حدیث ہے تو ذرا رہنمائی فرمائیں

User ID: Mohsin Raza

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شعب الایمان میں یہ روایت موجود ہے "جب ماہِ رَمضان کی پہلی رات آتی ہے تو آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور آخری رات تک بند نہیں ہوتے۔ جو کوئی بندہ اس ماہِ مبارَک کی کسی بھی رات میں نماز پڑھتا ہے تو اللہ عزوجل اُس کے ہر سجدے کے عوض اُس کے لئے پندرہ سو نیکیاں لکھتا ہے اور اُس کے لئے جنت میں سُرخ یاقوت کا گھر بناتا ہے۔ پس جو کوئی ماہِ رَمضان کا پہلا روزہ رکھتا ہے تو اُس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، اور اُس کیلئے صبح سے شام تک 70 ہزار فرشتے دُعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔ رات اور دِن میں جب بھی وہ سجدہ کرتا ہے اُس کے ہر سجدے کے بدلے اُسے (جنت میں) ایک ایک ایسا دَرَخت عطا کیا جاتا ہے کہ اُس کے سائے میں (گھوڑے) سوار پانچ سو برس تک چلتا رہے۔"

(شُعَبُ الایمان ج3 ص 314 حدیث 3635 مُلَخَّصاً)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی

04 رمضان المبارک 1444ھ/26 مارچ 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

آن لائن

20

سحری کا وقت ختم ہونے کے بعد کھانا

سوال: میرے دوست نے رات کو نیت کی تھی کہ کل کو روزہ رکھوں گا لیکن سحر میں جلدی اٹھ نہ سکا سحری کا ٹائم ختم ہو چکا تھا تو کھانا کھا لیا بعد میں یاد آیا کہ ٹائم ختم ہو گیا اب روزہ ہو گا یا نہیں؟

User ID: Usman

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پوچھی گئی صورت میں آپ کے دوست کا روزہ نہیں ہوا، اسے ایک دن کے روزے کی قضا کرنا لازم ہے۔ تفصیل یہ ہے کہ یہ گمان تھا کہ صبح نہیں ہوئی اور کھایا پیا یا جماع کیا بعد کو معلوم ہوا کہ صبح ہو چکی تھی ۔۔۔۔ تو صرف قضا لازم ہے یعنی اُس روزہ کے بدلے میں ایک روزہ رکھنا پڑھے گا۔

(الدر المختار، کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم ومالا یفسدہ، ج3، ص430)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

17 رمضان المبارک 1444ھ/08 اپریل 2023ء

سوال: کیا فرماتے علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں جب کہ سحری کا کھانا کھائے جو پیٹ سے نمکین پانی منہ تک آجائے واپس نگل جائے روزے کا کیا حکم ہو گا؟

User ID: Adnan jalal

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈکار کے ساتھ منہ میں آنے والے پانی کو نگل لینے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ کیونکہ روزے کی حالت میں منہ بھر سے کم قے آئے، اور واپس حلق میں چلی جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ بہارِ شریعت میں ہے:"(قے) اگر منہ بھر نہ ہو تو روزہ نہ گیا، اگرچہ لوٹ گئی یا اُس نے خود لوٹائی۔"

(بہار شریعت ج01، ص988، مکتبۃ المدینہ، کراچی، ملخصًا)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

25 رمضان المبارک 1444ھ/16 اپریل 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

22

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

روزے کی حالت میں فلم دیکھنا

سوال: روزے کی حالت میں فلم وغیرہ یا ٹک ٹاک دیکھنا کیسا اس کے ساتھ روزے ٹوٹے گا یا نہیں۔

User ID: Kasaaf Ameer

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

فلمیں ڈرامے یا کسی بھی ایپ پر غیر شرعی مواد دیکھنا حرام ہے اور روزے کی حالت میں فلمیں دیکھنا حرام در حرام ہے اور اس سے روزہ مکروہ ہو جاتا ہے۔ اور اس سے روزے کی نورانیت چلی جاتی ہے لہذا ایسے غیر شرعی مناظر دیکھنے سے بچے، البتہ اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

17 رمضان المبارک 1444ھ/08 اپریل 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

کسی اور سے روزے رکھوانا

سوال: اگر بندے کو ہارٹ کی تکلیف ہو تو وہ کسی کو پیسے دے رکھوا سکتا ہے یا نہیں؟

User ID: Mohsin Raza

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو شخص بیمار ہو اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے حصے کے روزے کسی اور سے رکھوائے، کیونکہ روزہ بدنی عبادت ہے اور بدنی عبادت میں نیابت جائز نہیں۔

چنانچہ بحر الرائق میں ہے کہ: الولی لایصوم عنه ولایصلی لحدیث النسائی لایصوم احد عن احد ولایصلی احد عن احد ترجمہ: ولی میت کی طرف سے نہ روزہ رکھے اور نہ نماز پڑھے کیونکہ نسائی کی حدیث میں ہے کہ کوئی شخص کسی کی طرف سے نہ روزہ رکھے اور نہ نماز پڑھے۔ (البحر الرائق، فصل فی العوارض، ج2، ص285، مطبوعہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی

04 رمضان المبارک 1444ھ/26 مارچ 2023ء

24

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

بغیر روزہ اعتکاف کا حکم

سوال: ایک شخص شوگر کے مرض میں مبتلا ہونے کی وجہ سے تسلسل کے ساتھ روزے نہیں رکھ سکتا تو کیا بغیر روزہ رکھے بندہ اعتکاف میں بیٹھ سکتا ہے مسجد میں دیگر افراد کے ساتھ؟

User ID: Abdul jabbar

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

سنت اعتکاف کیلئے روزہ شرط ہے لہذا بغیر روزہ رکھے اعتکاف نہیں کر سکتے البتہ اگر چاہیں تو نفل اعتکاف بیٹھ سکتے ہیں کیونکہ نفل اعتکاف کیلئے نہ روزہ شرط ہے نہ کوئی وقت کی قید، جب بھی مسجد میں داخل ہوں اِعتکاف کی نیّت کر لیجئے، جب مسجِد سے باہر نکلیں گے اِعتکاف ختم ہو جائے گا۔ سیدی اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: جب مسجد میں جائے اِعتکاف کی نیّت کرلے، جب تک مسجد ہی میں رہے گا اِعتکاف کا بھی ثواب پائے گا۔

(فتاوٰی رضویہ، ج8، ص98)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

08 جمادی الاخریٰ 1443ھ/01 دسمبر 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

دوران اعتکاف حیض آجائے تو

سوال: عورت اعتکاف بیٹھی ہو تو حیض آجائے تو کیا حکم ہے بعد میں قضا کرے اور کتنا دن قضا کرے گی؟

User ID: Allama Ahmad

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دوران اعتکاف عورت کو مخصوص ایام آگئے تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا جس کی بعد میں اسے ایک دن اور رات کی قضا کرنا لازم ہوگی۔ "البدائع الصنائع" میں ہے: "ولو حاضت المرأة في حال الاعتكاف فسد اعتكافها؛ لأن الحيض ينافي أهلية الاعتكاف" اور اگر عورت اعتکاف کی حالت میں حائضہ ہوگئی تو اس کا اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ کیونکہ حیض اعتکاف کی اہلیت کے منافی ہے۔

(البدائع الصنائع، ج2، کتاب الاعتکاف فصل فی رکن الاعتکاف ص116، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی
14 رمضان المبارک 1444ھ/06 اپریل 2023ء

26

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

سوال: اعتکاف میں پردے لگانے کیا حکم ہے؟

User ID: Hamza Jutt

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اعتکاف کی جگہ پردے لگانا ضروری نہیں، ہاں اگر عبادت میں یکسوئی حاصل کرنے کیلئے لگا لیے تو حرج بھی نہیں لیکن نماز کے اوقات میں پردوں کو ہٹا دیا جائے۔

وقارالفتاویٰ میں مفتی اعظم پاکستان تحریر فرماتے ہیں کہ: عتکاف میں پردے صرف اس لئے لٹکائے جاتے ہیں کہ معتکف کو عبادت میں ریا کا خیال نہ اے اور سونے میں " شرمگاہ وغیرہ کھل جائے تو پردہ رہے جماعت کے وقت میں اچھا یہ ہے کہ پردہ کو اٹھا کر صف سیدھی و مکمل کی جاے اور اگر پردہ کو نہیں اٹھاتے ہیں اور صف متصل سیدھی رہے تو پردے لٹکے رہنے میں بھی کوئی حرج نہیں۔

وقار الفتاوی جلد دوم صفحہ 435 بزم وقارالدین کراچی

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

21 رمضان المبارک 1444ھ/12 اپریل 2023ء

27

نابالغ اولاد کا فطرہ

سوال: باپ روزگار کے سلسلے میں ملک سے باہر ہو اور گھر میں نابالغ بچے ہوں تو بچوں کا فطرانہ کس ملک کے اعتبار سے ادا کیا جائے گا؟ جواب ارشاد فرمائیں

User ID: Akhlaq Ahmad

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو شخص بیرون ملک مقیم ہے اور صاحب نصاب ہے تو اس پر اپنی نابالغ اولاد کا فطرہ دینا بھی لازم ہے اور فطرہ کی ادائیگی کے لیے فطرہ دینے والے کی جگہ کا اعتبار ہوگا نا کہ جہاں بچے مقیم ہوں۔ فتاوی ہندیہ میں ہے: "وفی صدقۃ الفطر یعتبر مکانہ لا مکان أولادہ الصغار وعبیدہ فی الصحیح کذا فی التبیین. وعلیہ الفتوی" ترجمہ: اور صدقہ فطر میں جس کے ذمہ لازم ہے، اس کے مکان کا اعتبار ہوگا، نہ کہ اس کی نابالغ اولاد و اس کے غلاموں کے مکان کا صحیح قول کے مطابق، اسی طرح تبیین میں ہے اور اسی پر فتوی ہے۔ (فتاوی ھندیہ، کتاب الزکاۃ، الباب السابع فی المصارف، ج01، ص190، مطبوعہ کوئٹہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ/27 مارچ 2023ء

سوال: حضرت کیا ایک سید دوسرے سید کو زکوۃ دے سکتا ہے؟

User ID: Shahzaib Ahmad

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سید زادے کو زکوۃ نہیں دے سکتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے کہ اگرچہ دینے والا سید ہی کیوں نہ ہو کیونکہ زکوۃ لوگوں کے مال کا میل کچیل ہے جو کہ سادات کی شایانِ شان نہیں بہتر یہی ہے کہ اپنے صاف ستھرے مال سے سادات کی خدمت کی جائے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت کی وجہ سادات کرام کی اپنے صاف ستھرے مال سے خدمت کریں اور یہ عین سعادت مندی کی بات ہے۔

بہارِ شریعت میں ہے: "بنی ہاشم کو زکاۃ نہیں دے سکتے۔ نہ غیر انھیں دے سکے، نہ ایک ہاشمی دوسرے ہاشمی کو۔ بنی ہاشم سے مُراد حضرت علی و جعفر و عقیل اور حضرت عباس و حارث بن عبد المطلب کی اولادیں ہیں۔"

(بہار شریعت، ج01، ص931، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

13 شوال المکرم 1444ھ/03 مئی 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلیٰ الک واصحابک یاحبیب اللہ

AL RAZA QURAN-FIQH ACADEMY

29

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

اپنی اولاد کو فدیہ دینا

سوال: معزز علماء کرام کیا روزوں کا فدیہ ہم اپنی بیٹی یا بیٹے کو دے سکتے ہیں؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فدیہ کے مصارف بھی زکوۃ اور دیگر صدقات واجبہ والے ہیں لہذا زکوۃ کی طرح بیٹی یا بیٹے کو روزوں کا فدیہ بھی نہیں دے سکتے۔ امام اہل سنت اعلی حضرت الشاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن سے سوال ہوا: میت کی طرف سے نماز و روزہ کا فدیہ اس کے مستحق کون کون اشخاص ہیں؟ سیّد کو دے سکتے ہیں یا نہیں؟ اقربا میں جو لوگ غریب ہیں ان کو دینے کا حکم ہے یا نہیں؟ گھر کے نوکر چاکر کو اگر دیں اور مشاہرہ یا کھانے میں وضع نہ کریں تو جائز ہے یا نہیں؟ آپ علیہ الرحمۃ اس کے جواب میں فرماتے ہیں: "مصرف اس کا مثل مصرفِ صدقہ فطر و کفارہ یمین وسائر کفارات و صدقات واجبہ ہے بلکہ کسی ہاشمی مثلاً شیخ علوی یا عباسی کو بھی نہیں دے سکتے۔ غنی یا غنی مرد کے نابالغ فقیر بچے کو نہیں دے سکتے کافر کو نہیں دے سکتے، جو صاحبِ فدیہ کی اولاد میں ہے جیسے بیٹا بیٹی، پوتا پوتی، نواسا نواسی، یا صاحبِ فدیہ جس کی اولاد میں جیسے ماں باپ، دادا دادی، نانا نانی، انہیں نہیں دے سکتے، اور اقربا مثلاً بہن بھائی، چچا، ماموں خالہ، پھوپھی، بھتیجا، بھتیجی، بھانجا، بھانجی، ان کو دے سکتے ہیں جبکہ اور موانع نہ ہوں، یونہی نوکروں کو جبکہ اجرت میں محسوب نہ کریں۔۔۔۔۔ صدقاتِ واجبہ زوجین کو بھی نہیں دے سکتے۔ اقول: فدیہ نماز و روزہ جب بعد مرگ دیا جائے تو مقتضائے نظر فقہی یہ ہے کہ زوجہ کا فدیہ شوہر فقیر کو فوراً اور شوہر کا زوجہ فقیرہ کو بعد عدت گزرنے کے دینا جائز ہو کہ اب زوجیت نہ رہی اور شوہر زوجہ کے مرتے ہی اجنبی ہو جاتا ہے ولہذا اسے مَس جائز نہیں۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 528، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

مولانا محمد سعید علی حسینی مدنی

04 رمضان المبارک 1444ھ/26 مارچ 2023ء

امام مسجد کو زکوۃ دینا

سوال: امام مسجد کو زکوۃ دے سکتے ہیں اس کی آمدنی صرف وہی ہے جو مسجد کی انتظامیہ جو ماہانہ نذرانہ دیتی ہے اور کچھ نہیں؟

User ID: Allama Ahmad

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام صاحب اگر مستحق زکوۃ ہوں تو انہیں زکوۃ دے سکتے ہیں بشرطیکہ یہ زکوۃ دینا تنخواہ کی مد میں نہ ہو، اور عالم کو دینا جاہل کو دینے سے افضل ہے لیکن اس میں عالم کا ادب ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔ بہار شریعت میں ہے: فقیر اگر عالم ہو تو اُسے دینا جاہل کو دینے سے افضل ہے۔ مگر عالم کو دے تو اس کا لحاظ رکھے کہ اس کا اعزاز مدّ نظر ہو، ادب کے ساتھ دے جیسے چھوٹے بڑوں کو نذر دیتے ہیں اور معاذاللہ عالمِ دین کی حقارت اگر قلب میں آئی تو یہ ہلاکت اور بہت سخت ہلاکت ہے۔ (بہار شریعت، ج1، ص924، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ/27 مارچ 2023ء

31

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

شوہر کو زکوۃ دینا

سوال: کیا مالدار بیوی اپنے فقیر شوہر کو زکوۃ دے سکتی ہے؟

User ID: Riaz Ahmed

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بیوی اپنے شوہر کو زکوۃ نہیں دے سکتی اگرچہ شوہر فقیر ہو۔

بہارِ شریعت میں ہے کہ: عورت شوہر کو اور شوہر عورت کو زکاۃ نہیں دے سکتا، اگرچہ طلاق بائن بلکہ تین طلاقیں دے چکا ہو، جب تک عدّت میں ہے اور عدّت پوری ہوگئی تو اب دے سکتا ہے۔

(بہار شریعت بحوالہ الدرالمختار ورد المحتار، کتاب الزکاۃ، باب المصرف، ج3، ص345)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبدعلی حسینی مدنی

24 رجب المرجب 1444ھ/16 فروری 2023ء

قسطوں میں زکوۃ کی ادائیگی

سوال: جناب زکوۃ قسطوں میں ادا کی جا سکتی ہے اگر بیس ہزار دینے ہوں تو دس ہزار ایک بار اگلے ماہ دس ہزار

User ID: Ahmad Sajid

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جب زکوۃ کے مال پر سال پورا ہو جائے تو فی الفور مکمل زکوۃ کی ادائیگی واجب ہے، اب زکوٰۃ کی ادائیگی میں تاخیر کرنا جائز نہیں ۔ہاں اگر سال مکمل نہیں ہوا اور آپ تھوڑی تھوڑی کر کے ایڈوانس زکوٰۃ ادا کرنا چاہتے ہیں تو ایسا کرنا جائز ہے۔

بہار شریعت میں ہے:"مالکِ نصاب پیشتر سے چند سال کی بھی زکاۃ دے سکتا ہے، لہٰذا مناسب ہے کہ تھوڑا تھوڑا زکاۃ میں دیتا رہے، ختمِ سال پر حساب کرے، اگر زکاۃ پوری ہو گئی، فبہا اور کچھ کمی ہو، تو اب فوراً دے دے، تاخیر جائز نہیں، نہ اس کی اجازت کہ اب تھوڑا تھوڑا کر کے ادا کرے، بلکہ جو کچھ باقی ہے، کُل فوراً ادا کر دے اور زیادہ دے دیا ہے، تو سالِ آئندہ میں مُجرا کر

(بہار شریعت، ج1، ص891، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــہ

مولانا محمد عبدہ علی حسینی مدنی

02 رمضان المبارک 1444ھ/24 مارچ 2023ء

سوال: کیا نابالغ کو زکوٰۃ دی تو ہو گئی یا اُسکے ولی کی ملک کرنا ہو گی؟

User ID: Noman bin saeed

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نابالغ بچہ اگر سمجھدار ہے کہ قبضہ کرنا جانتا ہے تو زکوٰۃ کا مال اس کو قبضہ دے کر مالک بنادیں، اور اگر ناسمجھ ہے تو اس کے ولی باپ دادا وغیرہ کو یا جس کی نگرانی میں ہے، اسے اس کی طرف سے قبضہ کروانا ضروری ہے۔ یاد رہے نابالغ بچے کو زکوٰۃ دینے میں اس بچے اور اس کے والد دونوں کا شرعی فقیر ہونا ضروری ہے۔

بہار شریعت میں ہے "مالک کرنے میں یہ بھی ضروری ہے کہ ایسے کو دے جو قبضہ کرنا جانتا ہو، یعنی ایسا نہ ہو کہ پھینک دے یا دھوکہ کھائے ورنہ ادا نہ ہو گی، مثلاً نہایت چھوٹے بچہ یا پاگل کو دینا اور اگر بچہ کو اتنی عقل نہ ہو تو اُس کی طرف سے اس کا باپ جو فقیر ہو یا وصی یا جس کی نگرانی میں ہے قبضہ کریں۔

(بہار شریعت، ج1، حصہ 5، ص875، مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــہ
مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی
29 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/18 جولائی 2023ء

34

زکوۃ کی رقم سے کھانا کھلانا

سوال: کیا زکوۃ کے پیسے کسی غریب بچی کی شادی میں کھانے کیلیے دے سکتے ہیں جبکہ وہ کھانا صاحب حیثیت لوگوں نے کھانا ہے؟

User Id : Ghulam Mujtab

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ کی رقم سے بچی کی شادی میں کھانا نہیں کھلا سکتے اس طرح کھانا کھلانے سے زکوۃ ادا نہیں ہوگی، کیونکہ زکوۃ کی ادائیگی کیلیے شرط ہے کہ زکوۃ کی رقم کسی شرعی فقیر کی ملکیت میں دی جائے جبکہ پوچھی گئی صورت میں تملیک یعنی شرعی فقیر کو مالک بنانا نہیں پائی جارہی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عابد علی حسینی مدنی

28 جمادی الاول 1443ھ/22 دسمبر 2021ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

35

قرضدار پر عشر

سوال: اگر کسی شخص پر 45 لاکھ قرض ہو کیا وہ عشر ادا کرے گا یا اسے عشر معاف ہے؟

user id : S.N Nawaz

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی شخص مقروض ہے تو قرض کی وجہ سے اس سے عشر معاف نہیں ہو گا کیونکہ قرض دار سے عشر ساقط نہیں۔

(الدر المختار وردالمحتار، کتاب الزکوۃ، باب العشر، ج3، ص314)

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے کہ "ویجب العشر علی المدیون بخلاف الزکاۃ"

ترجمہ: زکوۃ کے برخلاف عشر مقروض پر بھی واجب ہوتا ہے۔

(فتاوی تاتارخانیہ، کتاب العشر، ج2، ص330)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

28 جمادی الاول 1443ھ/22 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

بغیر محرم عمرے پر جانا

سوال: کیا ایک شادی شدہ عورت اپنی ساس کے ساتھ عمرہ کرنے جاسکتی ہے وہ بھی محرم کے بغیر

User ID:Muhammad

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا بغیر محرم کے محض اپنی ساس کے ساتھ عمرے پر جانا درست نہیں کیونکہ شریعتِ مطہرہ میں کسی بھی عورت کو شوہر یا محرم کے بغیر شرعی مسافت یعنی 92 کلو میٹر یا اس سے زائد کی مسافت پر واقع کسی جگہ جانا حرام ہے، خواہ وہ سفر حج وعمرہ کی غرض سے ہو یا کسی اور مقصد کے لیے ہو۔

صحیح مسلم میں ہے: " عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایحل لامرأۃ تؤمن باللہ والیوم الاخر ان تسافر سفرا یکون ثلاثۃ ایام فصاعدا الا ومعھا ابوھا او ابنھا او زوجھا او اخوھا او ذومحرم منھا " سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہے، اس کے لیے تین دن یا اس سے زیادہ کا سفر کرنا حلال نہیں ہے، مگر جبکہ اس کے ساتھ اس کا باپ یا بیٹا یا شوہر یا بھائی یا اس کا کوئی محرم ہو۔ (الصحیح لمسلم، جلد 1، صفحہ 434، مطبوعہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عابد علی حسیفی مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ/01 دسمبر 2023ء

عورت کا احرام کی حالت میں سر کا مسح

سوال: اگر کوئی عورت عمرہ کیلیے احرام کی نیت کرے پھر حالت احرام میں اگر وہ وضو کرنا چاہے تو وہ سر کا مسح کس طرح کرے کیونکہ میں نے سنا ہے کہ اگر احرام کی حالت میں عورت کا ایک بھی بال نظر آجائے تو دم پر جاتا ہے۔ اس میں شرعی کیا رہنمائی ہے۔

User ID: Abdullah

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس طرح عام حالات میں عورت وضو کرتے ہوئے سر کا مسح کرتی ہے احرام کی حالت میں بھی اسی طرح مسح کر سکتی ہے اور یہ کہنا کہ سر کے بال نظر آنے سے دم واجب ہوگا درست نہیں ہاں اس بات کا خیال کرنا چاہیے کہ کوئی بال نہیں ٹوٹے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

29 جمادی الاخری 1443ھ/22 جنوری 2023ء

حلق یا تقصیر کہاں کی جائے

سوال: 1. کیا عمرہ میں احرام کی پابندی سے نکلنے کے لئے حدود حرم میں حلق کروانا لازم ہے یا حل میں بھی کرواسکتے ہیں؟ 2. اگر کوئی شخص روزانہ عمرہ کرے تو روزانہ حلق کروانا لازم ہے؟

User ID: M muneeb

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

1: احرام کی پابندیوں سے باہر آنے کیلیے حلق یا تقصیر (سر کے چوتھائی حصے کے بال پورے کی مقدار اُتارنا) کا حرم کے اندر ہونا واجب ہے اگر باہر کروائیں گے تو دم لازم آئے گا۔2: جتنی بار عمرہ کریں گے ہر بار جب احرام کھولنے کا وقت آئے گا تو حلق کروانا یا تقصیر کروانا ضروری ہوگا، اور اگر بال بالکل نہیں رہے کہ حلق ہوسکے تو پھر بھی سر پر استرا پھیرنا واجب ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ
مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی
25 رمضان المبارک 1444ھ/16 اپریل 2023ء

AL RAZA QURAN-FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سالی کا بہنوئی کے ساتھ عمرے پر جانا

سوال: کیا کوئی عورت اپنی بہن اور بہنوئی کے ساتھ عمرہ کے لیے جا سکتی ہے؟

User ID: salahudin khan

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سالی کا اپنی بہن اور بہنوئی کے ساتھ عمرے پر جانا درست نہیں کیونکہ بہنوئی سالی کیلئے نامحرم ہے۔ شریعتِ مطہرہ میں کسی بھی عورت کو شوہر یا محرم کے بغیر شرعی مسافت یعنی 92 کلومیٹر یا اس سے زائد کی مسافت پر واقع کسی جگہ جانا حرام ہے، خواہ وہ سفر حج و عمرہ کی غرض سے ہو یا کسی اور مقصد کے لیے ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ/01 دسمبر 2023ء

وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN-O FIQH ACADEMY -FIQH ACADEMY

40

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

عورت کو چار نکاح کی اجازت کیوں نہیں

سوال: اسلام میں عورت ایک ہی وقت میں ایک سے زیادہ شوہر کیوں نہیں رکھ سکتی؟

User ID: Abdul Kareem

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اولاً یہ بات سمجھیں کہ عورت کا ایک وقت میں ایک سے زائد نکاح نہ کرنا اور مرد کو چار نکاح کی اجازت ہونا ایک امر تعبدی یعنی شریعت کا حکم ہے اس میں کسی قسم کی چوں چرا کی گنجائش نہیں ثانیاً ایک عورت کے ایک وقت میں ایک سے زائد نکاح کرنے سے کئی قسم کی خرابیاں لازم آتی ہیں مثلا عورت پر شوہر کی خدمت لازم ہے، اور ایک ہی وقت میں عورت کو ایک سے زائد شوہروں کی خدمت کرنے کا مکلف بنانے سے تکلیف ما لا یطاق لازم آتی ہے، جبکہ اللہ پاک فرماتا ہے لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا: اللہ کسی جان پر اس کی طاقت کے برابر ہی بوجھ ڈالتا ہے۔ اسی طرح ایک شوہر بستر پر بلائے اسی وقت دوسرے کو حاجت ہو تو کس کو وقت دے گی اس طرح اور بھی کافی خرابیاں لازم آتی ہیں جو ایک ذی شعور انسان سمجھ سکتا ہے، پھر بچے کے نسب کا مسئلہ نان ونفقہ کے مسائل اس کے علاوہ ہیں لہذا شریعت کا حکم ماننے ہی میں عافیت ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

29 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/18 جولائی 2023ء

چچی / ممانی سے نکاح

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوہ چچی / یا ممانی سے نکاح کر لیا کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

User ID: Ahmad Qureshi

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بیوہ چچی یا ممانی سے عدت گزرنے کے بعد نکاح کرنا جائز ہے جبکہ ممانعت کی کوئی اور وجہ جیسے رضاعت وغیرہ نہ ہو۔ کیونکہ چچی اور ممانی ان عورتوں میں سے نہیں جن کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہے۔ قرآن پاک میں ان عورتوں کو شمار کرنے کے بعد جن سے نکاح کرنا جائز نہیں اللہ پاک نے فرمایا: واحل لكم ما وراء ذلكم ترجمہ: اور انکے علاوہ جو عورتیں ہیں وہ تمہارے لیے حلال ہیں۔ (سورۃ النساء، پ05، آیت24)

یعنی جن عورتوں سے نکاح حرام ہے ان کے علاوہ تمام عورتوں سے نکاح حلال ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

13 شوال المکرم 1444ھ/03 مئی 2023ء

رضاعی بہن سے نکاح

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین مفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں بچے نے بچی کے ساتھ بچی کی ماں کا دودھ پیا رضاعت ثابت ہوئی اب بچی کی بڑی بہن کے ساتھ بچے کی شادی کرنا چاہتے ہیں کیا نکاح ہو جائے گا تفصیلا جواب ارشاد فرمائیں

User ID: Muhammad Farooq

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بچے نے اگر ڈھائی برس کی عمر میں دودھ پیا تو وہ لڑکا اور لڑکی آپس میں رضاعی بہن بھائی ہو گئے ان کا باہم نکاح کرنا حرام ہے، رضاعت میں یہ شرط نہیں کہ ایک ہی زمانہ میں دونوں ایک ساتھ دودھ پیئیں اور زمانہ کا فاصلہ نہ ہو۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں " یحرم من الرضاعۃ ما یحرم من الولادۃ " ترجمہ: جو رشتہ ولادت سے حرام ہو وہی رضاعت سے بھی حرام ہوتا ہے۔" (صحیح مسلم، رقم الحدیث 3568)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

21 رمضان المبارک 1444ھ/12 اپریل 2023ء

43

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

مسجد میں نکاح کرنا

سوال: لڑکا اور لڑکی کو مسجد میں بلا کر ان کا مسجد میں نکاح کرنا کیسا ہے۔؟

User ID: Hafiz Habib

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسجد میں نکاح کرنا مستحب ہے لیکن لڑکی کو مسجد میں بلانا لازم نہیں لڑکی کا وکیل لڑکی کی طرف سے قبول کر سکتا ہے چنانچہ درمختار میں ہے:"ویندب إعلانه وتقديم خطبة وكونه في مسجد يوم جمعة۔" ترجمہ: نکاح کا اعلان کرنا، خطبۂ نکاح کا عقدِ نکاح سے پہلے ہونا اور نکاح کا جمعہ کے دن مسجد میں ہونا، یہ تمام اُمور مستحب ہیں۔

(درمختار مع ردالمحتار، جلد4، کتاب النکاح، صفحہ75، مطبوعہ کوئٹہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبیدعلی حسینی مدنی

29 جمادی الاخری 1443ھ/22 جنوری 2023ء

بدعقیدہ امام کا نکاح پڑھانا

سوال: اگر کوئی بدعقیدہ امام سنی کا نکاح پڑھائے تو نکاح کا کیا حکم ہو گا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بد مذہب سے نکاح نہیں پڑھوانا چاہیے کہ اس سے نکاح پڑھوانے میں اس کی تعظیم ہے حالانکہ شرعاً اس کی اہانت واجب ہے البتہ نکاح ہو جائے گا۔ جیسا کہ فتاویٰ فقیہ ملت میں ہے وہابی کا پڑھایا ہوا نکاح ہو جاتا ہے کیونکہ وہ صرف وکیل ہوتا ہے اور وکالت کے لئے اسلام شرط نہیں فتاوی رضویہ جلد پنجم 117 میں ہندیہ کے حوالہ سے ہے تجوز وکالۃ المرتد بان وکل مسلم مرتدا و کذا لوکان مسلما وقت التوکیل ثم ارتد فھو علی وکالتہ الا ان یلحق بدار الحرب فتبطل وکالتہ کذا فی البدائع مگر اس سے نکاح پڑھوانا جائز نہیں کہ اس میں وہابی کی تعظیم ہے اور اس کی تعظیم ناجائز و حرام ہے۔

(فتاوی فقیہ ملت ، جلد اول،صفحہ 387)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

14 شوال المکرم 1444ھ/04 مئی 2023ء

منگیتر کو انگوٹھی پہنانا

سوال: مفتی صاحب کیا منگنی پہ منگیتر کو انگوٹھی پہنا سکتے ہیں کیا مرد منگنی پہ سونے کی انگوٹھی پہن سکتا ہے؟

User ID: Mian asim

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نکاح سے پہلے لڑکا اور لڑکی دونوں آپس میں اجنبی اور غیر محرم ہوتے ہیں اس لیے ان کا ایک دوسرے کو چھونا، انگوٹھی پہنانا جائز نہیں، اور مرد کو سونے کی انگوٹھی پہننا ناجائز و حرام ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد کو سونا پہننے سے منع فرمایا ہے۔ (صحیح بخاری 5863) مفتی اعظم پاکستان مفتی وقارُ الدین رَحمۃُ اللہ عَلَیہ فرماتے ہیں: نکاح سے پہلے لڑکا اور لڑکی ایک دوسرے کیلئے اجنبی اور غیر محرم ہیں، دونوں کو ایک دوسرے کے جسم کو چھونا ناجائز ہے، لہٰذا لڑکا اور لڑکی ایک دوسرے کو خود انگوٹھی نہیں پہنا سکتے۔

(وقار الفتاویٰ، جلد 3، صفحہ 135)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

14 شوال المکرم 1444ھ/04 مئی 2023ء

46

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

منگیتر کو تحفہ دینا

سوال: حضرت جی کیا منگیتر کو تحفہ خود ہاتھ سے دیا جا سکتا ہے اگر نہیں تو کیا کسی کے ذریعے بھجوا سکتا ہے؟

User ID: Mian Asim

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

یاد رہے محض منگنی کی وجہ سے عورت مرد کیلئے حلال نہیں ہو جاتی بلکہ وہ دوسری اجنبی عورتوں کی طرح غیر محرم ہی رہتی ہے لہذا لڑکے کا منگیتر کو از خود گفٹ دینا درست نہیں، بلکہ اسے چاہیے کہ اپنی والدہ یا بہن وغیرہ کو تحفہ دے وہ آگے لڑکی کو اپنی طرف سے گفٹ دیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــہ
مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی
14 شوال المکرم 1444ھ/04 مئی 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

47

ساتویں ماہ پیدا ہونے والے بچے کا نسب

سوال: حضرت اگر بچہ نکاح کے ساتویں مہینہ میں پیدا ہو تو وہ بچہ جائز ہے یا ناجائز ذرا رہنمائی فرمائیں

User ID: Salah u din Rizvi

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نکاح کے ساتویں مہینے بچہ پیدا ہوا تو وہ ثابت النسب ہو گا کیونکہ حمل کی مدت کم سے کم چھ مہینے ہے اور زیادہ سے زیادہ دو سال۔

چنانچہ بہار شریعت میں عالمگیری کے حوالے سے ہے کہ: وقتِ نکاح سے چھ (6) مہینے کے اندر بچہ پیدا ہوا تو نسب ثابت نہیں اور چھ مہینے یا زیادہ پر ہوا تو ثابت ہے جبکہ شوہر اقرار کرے یا سکوت اور اگر کہتا ہے کہ بچہ پیدا ہی نہ ہوا تو ایک عورت کی گواہی سے ولادت ثابت ہو جائیگی۔"

(بہارِ شریعت، جلد 2، حصہ 8، صفحہ 248، 249، مکتبۃ المدینہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی
02 رمضان المبارک 1444ھ/24 مارچ 2023ء

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

48

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

نشے کی حالت میں طلاق

سوال: مفتی صاحب شوہر نے نشے کے حالت میں بیوی کو طلاق دی یہ ہوگئی ہے کہ نہیں؟

User ID: Asad Ali

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جان بوجھ کر ایسی چیز کو پیا جس کا پینا حرام ہے جیسے شراب، بھنگ یا افیون کو پیا تو اس سے نشہ چڑھنے کی حالت میں طلاق دی تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ ہاں اگر کسی نے مجبور کر کے اسے نشہ پلادیا اور نشہ میں طلاق دے دی تو صحیح یہ ہے کہ واقع نہ ہو گی بہار شریعت میں ہے کہ: نشہ والے نے طلاق دی تو واقع ہو جائے گی کہ یہ عاقل کے حکم میں ہے اور نشہ خواہ شراب پینے سے ہو یا بنگ وغیرہ کسی اور چیز سے۔ افیون کی پینک میں طلاق دے دی جب بھی واقع ہو جائے گی۔ (بہار شریعت جلد 8 صفحہ 111 مکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

12 شوال المکرم 1444ھ/02 مئی 2023ء

Enter

49

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

خلع کی شرعی حیثیت

سوال: اسلام میں خلع جائز ہے کہ نہیں؟ اگر ہے تو کن شرائط پہ ہے؟ نیز اخلع کا طریقہ کار بھی واضح کردیں۔

User ID: Bilal surani

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شرعی طور پر شوہر کا اپنی رضامندی سے مہر یا اس کے علاوہ کسی اور مال کے عوض عورت کو اپنے نکاح سے جدا کر دینا اور پھر عورت کا اس شرط کو قبول بھی کر لینا خلع کہلاتا ہے اور خلع سے طلاق بائن واقع ہوتی ہے۔

فقہ کی معتبر کتاب ہدایہ شریف میں ہے "اذا تشاق الزوجان وخافا ان لایقیما حدود اللہ فلا بأس بان تفتدی نفسھا منہ بمال بخلعھا بہ فاذا فعلا ذالک وقعت تطلیقۃ بائنۃ ولزمھا المال" یعنی اگر میاں بیوی میں نااتفاقی رہتی ہو اور یہ اندیشہ ہو کہ احکام شرعیہ کی پابندی نہ کر سکیں گے تو خلع [طلاق لینے] میں مضائقہ نہیں اور جب خلع کر لیں تو طلاق بائن واقع ہو جائے گی اور جو مال ٹھہرا ہے عورت پر اس کا دینا لازم ہے۔ [ھدایہ، ج2، ص261، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت]

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

29 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/18 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

ایلاء کی تعریف اور حکم

سوال: ایلاء شرعی کی وضاحت اس طرح فرمائیں کہ سمجھنے میں آسانی ہو۔

User ID: Ab jabbar

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس طرح قسم کھانا کہ میں اپنی بیوی سے چار مہینے تک یا کبھی صحبت نہ کروں گا اسے ایلاء کہتے ہیں۔ اس کا حکم یہ ہے کہ اگر قسم توڑ دے اور چار ماہ کے اندر صحبت کرلے تب تو اس پر قسم کا کفارہ واجب ہے ورنہ چار ماہ کے بعد عورت کو طلاق بائنہ پڑ جائیگی۔ ایلاء کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے بہار شریعت، حصہ 8 سے "ایلاء کا بیان" مطالعہ فرمائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عابد علی حسینی مدنی

13 رجب المرجب 1443ھ/04 جنوری 2023ء

51

چوری شدہ مال بیچنا یا تحفے میں دینا

سوال: میرے دوست نے مجھے ایک ٹراؤزر گفٹ کیا ہے جو کہ میرے علم میں ہے کہ فیکٹری سے چوری کیا ہوا ہے میرا اس چیز کو استعمال کرنا کیسا ؟

User ID: Asghar Ali

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یاد رہے چوری کی ہوئی چیز اپنے اصل مالک کی ملک پر باقی رہتی اس کی خرید و فروخت کرنا یا کسی کو تحفے میں دینا جائز نہیں لہذا اگر آپ کو یقینی طور پر یا کسی قرینے سے معلوم ہے کہ ٹراؤزر چوری کا ہے تو ایسا تحفہ قبول کرنا درست نہیں بلکہ اس کے اصل مالک کو واپس کرنا اور توبہ کرنا لازم ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
مولانا محمد عبدہ علی حسینی مدنی
23 جمادی الاخریٰ 1443ھ/16 جنوری 2023ء

جفتی کی اجرت لینے کا حکم

سوال: بعض لوگوں نے بھینسے رکھے ہوتے ہیں اور بھینسوں کے ساتھ جفتی پر لوگوں سے پیسے لیتے ہیں ایسا کرنا کیسا ؟

User ID: unknown

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نر جانور سے جفتی کروانے کی اجرت لینا جائز نہیں کیونکہ احادیث طیبہ میں اس سے منع کیا گیا ہے۔ چنانچہ ھدایہ شریف میں ہے کہ: ولا یجوز أخذ أجرة عسب التيس وهو أن يؤجر فحلا لينزو على الإناث لقوله عليه الصلاة والسلام: إن من السحت عسب التيس والمراد أخذ الأجرة عليه ۔ ترجمہ: نر کو مادہ پر چڑھانے کی اجرت لینا جائز نہیں ہے اور وہ یہ ہے کہ کسی نر جانور کو اجرت پر لے تاکہ اس سے مادہ جانور کے ساتھ جفتی کرائے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے کہ نر کو مادہ پر چڑھانے کی اجرت لینا حرام کاموں میں سے ہے اور اس سے جفتی کی اجرت لینا مراد ہے ۔
(ھدایہ شریف جلد 3، کتاب الاجارات، صفحہ 305 مطبوعہ لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی
24 رجب المرجب 1444ھ/16 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

جفتی پر ہدیہ دینے کا حکم

سوال: علماء سے سنا کہ نر کو مادہ پر چڑھوانے کی اجرت لینا جائز نہیں۔۔! مسئلہ یہ ہے کہ عوام تو اس آدمی کے پاس اپنے مادہ جانور لے کر آتے ہیں جس نے نر رکھا ہوتا ہے اب وہ اجرت بھی نہ لے اس نر جانور کو کھلانے پلانے کا اچھا خاصہ خرچہ آتا ہے اگر نہ کوئی مناسب چیزیں کھلائے تو وہ نر جانور کمزور ہو جاتا ہے اور عوام کو بھی اس کی ضرورت ہوتی ہے تو کیا کیا جائے؟

User ID: Mohsin Ahmed

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

جفتی کی اجرت لینا تو جائز نہیں البتہ اگر نر جانور کا مالک اپنا جانور بطور ادھار دے اور مادہ جانور کا مالک بعد میں کچھ ہدیہ، چارہ وغیرہ دے تو اس کی اجازت ہے۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے: عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَجُلًا مِنْ كِلَابٍ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ فَنَهَاهُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّا نُطْرِقُ الْفَحْلَ فَنُكْرَمُ فَرَخَّصَ لَهُ فِي الْكَرَامَةِ. حضرت انس سے کہ بنی کلاب کے ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نر جانوروں کی چوٹ کے متعلق پوچھا آپ نے اس سے منع فرمایا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم تو نر چھوڑتے ہیں تو ہمیں ویسے ہی کچھ دے دیا جاتا ہے تو اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدیہ کے متعلق اجازت دی۔ (سنن ترمذی حدیث 1274) اس سے معلوم ہوا کہ اگر نر والا عاریۃً جانور دے دے، پھر مادہ والا بطور ہدیہ اسے کچھ پیسے یا چارہ دے تو بلا کراہت درست ہے، یہ ہی تمام آئمہ کا مذہب ہے غرضکہ جمہور کے ہاں اس کی اجرت منع، ہدیہ جائز۔ (مراۃ المناجیح)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی

01 شعبان المعظم 1444ھ/22 فروری 2023ء

54

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

گندم پسائی کی اجرت میں آٹا لینا

سوال: چکی پے آٹا پیسنے والے جو کاٹ کرتے ہیں دو کلو اور پیسے بھی لیتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟

User ID: Malik Ahmed Ali

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گندم کی پسائی کی اجرت اسی آٹے سے دینا جائز نہیں جبکہ پہلے سے اسی آٹے میں سے اجرت دینا طے پایا ہو، فقہ کی اصطلاح میں اسے قفیز طحان کہتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے، ہاں پسائی کے عوض رقم دینا جائز ہے۔

قفیز طحان سے متعلق حدیث پاک میں ہے: ’’عن ابی سعید قال :نھی عن قفیز الطحان ‘‘ترجمہ: حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قفیز طحان سے منع فرمایا۔(مسند ابی یعلی، جلد2 صفحہ 301، دار المأمون للتراث، دمشق)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

14 شوال المکرم 1444ھ/04 مئی 2023ء

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

55

جعلی ڈگری پر نوکری کرنا

سوال: جعلی ڈگری بنا کے نوکری کرنا کیسا؟ نیز اس سے ملنے والی آمدنی حلال ہو گی یا حرام؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جعلی ڈگری بنانا اور ان اسناد پر نوکری لینا دھوکہ دہی اور جھوٹ ہونے کی وجہ سے جائز نہیں البتہ اگر اپنی ان اسناد کے ذریعے کوئی جائز کام کرے گا تو اس کی کمائی جائز ہو سکتی ہے لیکن اس میں جھوٹ کی نحوست ہو گی۔ سیدی اعلیحضرت امام اہلسنت الشاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: بہر حال نفس اجرت کہ کسی فعل حرام کے مقابل نہ ہو حرام نہیں، یہی معنی اس قول حنفیہ کے ہیں کہ یطیب الاجر وان کان السبب حراما کما فی الاشباہ وغیرھا فاحفظ فانہ علم عزیز فی نصف سطر ترجمہ: اجرت طیب ہو گی اگرچہ سبب حرام ہے، جیسا کہ الاشباہ وغیرہ میں ہے۔ اس کو محفوظ کرلو یہ ایک سطر میں نادر علم ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج19، ص501، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

27 محرم الحرام 1443ھ/26 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

قبضے میں آنے سے پہلے کوئی چیز بیچنا

سوال: علماء کرام کی بارگاہ میں سوال عرض ہے کہ قبضے سے قبل کسی چیز کی بیع کرنا کیا جائز ہے؟

User ID: Bilal Qadri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

منقولی چیز کو قبضے میں آنے سے پہلے بیچنا منع ہے احادیث طیبہ میں اس کی ممانعت آئی ہے۔بنایہ شرح ہدایہ میں ہے: "بیع المنقول قبل القبض لایجوز بالاجماع۔"

ترجمہ: منقولی یعنی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کے قابل چیز کو قبضہ سے پہلے بیچنا، بالاجماع ناجائز ہے۔

(البنایہ شرح الھدایہ، کتاب البیوع، باب الاقالۃ، جلد 7، صفحہ 298، مطبوعہ کوئٹہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

29 جمادی الاخری 1443ھ/22 جنوری 2023ء

قرآن پڑھانے کی اجرت لینا

سوال: قرآن پڑھانے کے عوض پیسے لینا کیسا؟ یعنی جو قاری صاحب گھروں میں ٹیوشن کے فیس لیتے ہیں ؟

User ID; shahzaib Raza

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرآن پاک پڑھانے کی اجرت لینا جائز ہے کیونکہ متأخرین علمائے کرام نے دینی ضرورت کے پیشِ نظر تعلیمِ قرآن، امامت وغیرہ امورِ دینیہ کی خدمت سرانجام دینے پر اُجرت لینے کو جائز قرار دیا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

25 محرم الحرام 1443ھ/24 اگست 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

58

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

سوال: اگر کوئی دوسری کی ٹیسٹ دے اور پاس ہونے پر جاب مل جائے تو اسکی تنخواہ کا حکم کیا ہے؟

User ID: Abu Mansoor

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مختلف سرکاری اور غیر سرکاری اداروں میں ملازمتوں کے امیدواروں کی اہلیت جانچنے کیلیے ٹیسٹ کا نظام رائج ہے لہذا کسی دوسرے کی جگہ ٹیسٹ دینا دھوکہ دہی اور جھوٹ ہونے کی وجہ سے ناجائز و حرام ہے اور اس میں گناہ کے کام میں معاونت پائی جا رہی ہے جبکہ اللہ پاک قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے وَ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ التَّقْوٰى وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ اور نیکی اور پرہیز گاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ کرو، لہذا اس سے توبہ کرنا لازم ہوگی البتہ اگر وہ شخص اس کام کا اہل ہے اور وقت بھی دے رہا ہے تو اس کیلئے تنخواہ لینا جائز ہو گا لیکن اس میں جھوٹ کی نحوست شامل ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

29 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/18 جولائی 2023ء

59

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

نان کسٹم پیڈ اشیاء کی خرید وفروخت

سوال: نان کسٹم جو چیزیں ملتی ہیں بارڈر کے ذریعے سے ملک میں لائی جاتی ہیں اور قیمت اصل سے کافی کم ہوتی ہے تو ایسے چیزیں خریدنا کیسا ہے؟

User ID: M umer Nisar

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نان کسٹم پیڈ چیزوں کی خرید وفروخت کرنا درست ہے کہ فی نفسہ یہ عقد جائز ہے کیونکہ شرعاً اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ لیکن یہ غیر قانونی کام ہے جس سے بچنا چاہیے۔ کیونکہ پکڑے جانے کی صورت میں بسا اوقات رشوت دینا پڑتی ہے اور خود کو ذلت پر پیش کرنا لازم آتا ہے۔ جبکہ حدیث مبارکہ میں خود کو ذلت والی جگہوں سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "لاینبغی للمؤمن أن یذل نفسہ" مومن کو جائز نہیں کہ خود کو ذلت ورسوائی میں مبتلا کرے۔

(جامع الترمذی، ج02، ص498، مطبوعہ لاھور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

13 شوال المکرم 1444ھ/03 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

بزرگ یا عالم کا ہاتھ چومنا

User ID: Sheraz Ali

سوال: بزرگوں کا ادباً ہاتھ چومنا کیسا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بزرگوں یا کسی معظم دینی جیسے عالمِ باعمل، جامع شرائط پیر کا ہاتھ چومنا شرعاً جائز ہے۔ تنویر الابصار ودر مختار میں ہے: لاباس بتقبیل ید الرجل العالم والمتورع علی سبیل التبرک درر ونقل المصنف عن الجامع انه لاباس بتقبیل ید الحاکم المتدین والسلطان العادل ترجمہ: کسی عالم اور پارسا شخص کے بطور تبرک ہاتھ چومنے میں کوئی حرج نہیں (درر) مصنف نے الجامع سے نقل فرمایا کہ دیندار حاکم اور عادل بادشاہ کے ہاتھوں کو بھی بوسہ دینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

(در مختار شرح تنویر الابصار کتاب الحظر والاباحۃ باب الاستبراء مطبع مجتبائی دہلی 2 /244)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

15 شوال المکرم 1444ھ/05 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

61

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

آکاش نام رکھنا کیسا؟

سوال: آکاش نام رکھنا کیسا؟

User ID: Toufiq Ahmed

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آکاش کا معنی ہے آسمان معنوی اعتبار سے یہ نام رکھنے میں حرج نہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ یہ نام نہ رکھا جائے کیونکہ یہ ہندوانہ نام ہے بہتر یہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام و صحابہ کرام کے ناموں پر نام رکھا جائے مفتی امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ بہار شریعت میں فرماتے ہیں: ”ایسا نام رکھنا جس کا ذکر نہ قرآن میں آیا ہو نہ حدیثوں میں ہو، نہ مسلمانوں میں ایسا نام مستعمل ہو، اس میں علماء کو اختلاف ہے بہتر یہ ہے کہ نہ رکھے۔

(بہار شریعت، جلد 03، صفحہ 603، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

17 رمضان المبارک 1444ھ/08 اپریل 2023ء

احساس پروگرام کی رقم لینے کا حکم

سوال: بینظیر انکم سپورٹ / احساس پروگرام کے پیسے لینا کیسا ؟

User Id: waqar saeedi

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حکومت کی طرف سے مختلف ناموں سے ملنے والی رقم کی شرعی حیثیت عطیے کی ہے لہذا جو شخص حکومت کی طرف سے طے کردہ شرائط کے مطابق مذکورہ رقم لینے کا اہل ہے تو اس کیلئے یہ رقم لینا جائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

21 صفر المظفر 1443ھ / 18 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY

63

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

Alligator fish کھانے کا حکم

سوال: Alligator fish کھانا کیسا؟

User ID: Javed Hashmi

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

Alligator fish مچھلی کی ایک قسم ہے اس کا کھانا بلا شبہ جائز ہے کہ فقہ حنفی میں سمندری جانوروں میں سے مچھلی حلال خواہ وہ کسی قسم کی ہو اگر وہ مچھلی ہے تو حلال ہے۔ سنن ابن ماجہ میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”احلت لنا میتتان و دمان، فاما المیتتان: فالحوت والجراد، واما الدمان فالکبد والطحال“ ترجمہ: ہمارے لیے دو مرے ہوئے جانور اور دو خون حلال کیے گئے ہیں، دو مردے مچھلی اور ٹڈی ہیں اور دو خون کلیجی اور تلی ہیں۔“

(سنن ابن ماجہ، ابواب الاطعمہ، الکبد والطحال، صفحہ 238، مطبوعہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

26 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/15 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

64

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سوال: حضور کی بارگاہ میں عرض ہے کہ گھٹی "گڑتی" کے بارے میں کیا حکم ہے کہ اس کے بارے میں جو چیز مشہور ہے اسکی حقیقت کیا ہے؟

User ID: M Ikram

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نومولود کو گھٹی دینا مستحب عمل ہے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فعل سے ثابت بہتر ہے کسی نیک شخص سے گھٹی دلوائی جائے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: "كَانَ يُؤْتَى بِالصِّبْيَانِ فَيُبَرِّكُ عَلَيْهِمْ وَيُحَنِّكُهُمْ" ترجمہ: رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمتِ اقدس میں بچے لائے جاتے، حُضور علیہ السّلام ان کے لئے برکت کی دعا کرتے اور تحنیک فرماتے۔

(مسلم، ص134، حدیث:662)

مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرّحمہ فرماتے ہیں: "تحنیک کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ چھوہارا چبا کر بچے کے تالو میں چپکا دیا جائے، یہ بھی مستحب ہے کہ جب بچہ پیدا ہو علماء، مشائخ، صالحین میں سے کسی کی خدمت میں پیش کیا جائے اور وہ کھجور یا کوئی میٹھی چیز چبا کر اس کے منہ میں ڈال دیں۔"

(نزھۃ القاری، 5/430)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

26 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/15 جولائی 2023ء

مفتی انس رضا قادری — فقہی مسائل گروپ

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

65

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

بیعت ہونے کیلیے والدین کی اجازت لینا

سوال: مفتی صاحب سوال یہ پوچھنا تھا کہ بچہ اپنے والدین کی اجازت کے بغیر کسی شیخ سے بیعت ہو سکتا ہے یا نہیں؟

User ID: Attari sahib

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جن پیر صاحب سے وہ بیعت ہونا چاہتا ہے اگر وہ جامع شرائط ہے تو والدین کی اجازت ضروری نہیں البتہ مشورہ کرلینا بہتر ہے۔ سیدی اعلحضرت علیہ الرحمۃ اس قسم کے ایک سوال کا جواب ارشاد فرماتے ہیں کہ ”عالم عامل عارف کامل کے ہاتھ پر شرف بیعت حاصل کرنے اور اس سے علم دین وراہ سلوک سیکھنے کے لئے شوہر کی اجازت درکار نہیں۔ نہ اس باب میں اس کی ممانعت کا لحاظ لازم جب کہ اس کے حقوق میں کسی خلل کا اندیشہ نہ ہو۔

(فتاوی رضویہ، جلد 22، صفحہ 209، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ/01 جنوری 2023ء

66

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

بیٹی کی وفات کے بعد جہیز کی واپسی کا مطالبہ

سوال: ایک شخص کی بیوی فوت ہو گی اس کی ایک بیٹی بھی ہے۔ جو کہ تقریبا ایک سال کی ہے۔ اس کے سسرال والے اب اس کی بیوی کے جہیز کا سامان واپس مانگ رہے ہیں۔ کیا ان کا جہیز کا سامان واپس مانگنا جائز ہے؟

User ID: Waqar Ansari

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

لڑکی کے گھر والوں کا جہیز کی واپسی کا مطالبہ کرنا درست نہیں، کیونکہ ہمارے ہاں عورت کا جہیز عورت کی ملک ہوتا ہے۔ لہذا عورت کے انتقال کے بعد اس کا سارا جہیز اور سونا وغیرہ اب مرحومہ کا ترکہ ہے جسے قوانین شرعیہ کے مطابق ورثاء میں تقسیم کیا جائے گا۔

ردالمحتار میں ہے: کل احد یعلم ان الجهاز للمرأة وانه اذا طلقها تاخذه كله واذا ماتت يورث عنها ہر شخص جانتا ہے کہ جہیز عورت کی ملکیت ہوتا ہے، جب شوہر اس کو طلاق دے دے تو وہ تمام جہیز لے لے گی اور جب عورت مر جائے تو جہیز اس کے وارثوں کو دیا جائے گا۔

(ردالمحتار باب النفقہ احیاء التراث العربی بیروت 2/653)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبد علی حسیفی مدنی

02 رمضان المبارک 1444ھ/24 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

67

بوسکی پہننے کا حکم

سوال: موجودہ دور میں جو اصل بوسکی کے نام سے کپڑا جانا جاتا ہے اُس کے پہننے کا کیا شرعی حکم ہے؟ اور کیا اُس کو پہن کر نماز پڑھے تو ہو جائے گی؟

User ID: Muhammad khan

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بوسکی کا کپڑا پہن سکتے ہیں کیونکہ یہ ریشم کا بنا ہوا نہیں، جیسا کہ لوگوں کا گمان ہے جبکہ مرد کیلیے ریشم پہننے کی ممانعت ہے۔ اور ان کپڑوں میں نماز بھی پڑھ سکتے ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبدعلی حسیفی مدنی

23 جمادی الاخری 1443ھ/16 صفر 2023ء

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بیٹے پر حد جاری کرنا

سوال: حضر عمر فاروق کے بیٹے کے بارے میں مشہور ہے کہ آپ نے شراب پی اورزنا کیا اس کی کیا حقیقت ہے؟

User ID: Shoub Raza

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حضرت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے جن کا نام عبد الرحمن اوسط اور کنیت ابو شحمہ ہے رضی اللہ عنہ۔ ان کی جانب شراب پینے اور زنا کرنے کی نسبت غلط ہے۔ صحیح یہ ہے کہ انہوں نے نبیذ پی تھی جس کے سبب نشہ ہو گیا تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان پر حد قائم فرمائی۔ پھر وہ بیمار ہو کر انتقال فرما گئے۔

(فتاوی فیض الرسول، جلد دوم، بحوالہ مجمع البحار)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

26 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/15 جولائی 2023ء

حالت حیض میں جماع اور ولیمہ

سوال: مفتی صاحب اگر پہلی رات عورت کو ماہواری ہو تو شوہر کے لئے کیا حکم ہے اور پھر ولیمے کا کیا حکم ہو گا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت حیض میں جماع کرنا ناجائز و حرام ہے لہذا شوہر کیلئے یہی حکم ہے کہ کچھ دن مزید انتظار کرے اور دوسرے دن ولیمہ کر لیا تو سنت ادا نہ ہوئی بہتر یہی ہے کہ جس رات ہمبستری ہو دوسرے دن گھر کے افراد یا قریبی دوست احباب کو سنت کی نیت سے کھانا کھلا دے سنت ادا ہو جائے گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

21 صفر المظفر 1443ھ/18 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

70

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

چائے میں مکھی گر جائے تو

سوال: مفتی صاحب اگر چائے میں مکھی چلی جائے تو کیا حکم ہے؟

User ID: M Abdullah

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

چائے میں مکھی گرنے سے چائے ناپاک نہیں ہوگی لہذا مکھی کو ایک بار ڈبو کر نکال لیں اور اب چاہیں تو چائے پی لیں اگر طبعیت مائل نہ ہو تو کسی اور کو دے دیں ضائع نہ کریں تاکہ اسراف نہ ہو سنن ابو داود میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کھانے میں مکھی گر جائے تو اسے غوطہ دے دو (اور پھینک دو) کیونکہ اس کے ایک بازو میں بیماری ہے اور دوسرے میں شفا ہے اور اسی بازو سے اپنے کو بچاتی ہے جس میں بیماری ہے۔ یعنی وہی بازو کھانے میں پہلے ڈالتی ہے جس میں بیماری ہے، لہذا پوری کو غوطہ دیدو۔

(سنن ابو داود، كتاب الأطعمة، باب فی الذباب يقع فی الطعام، جلد 3، صفحہ511، حدیث نمبر3844)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

29 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/18 جولائی 2023ء

جائیداد سے عاق کرنے کی شرعی حیثیت

سوال: مفتی صاحب سوال یہ ہے کہ اگر ماں باپ جائیداد سے لڑکے کو بے دخل کردیں تو کیا اسکا جائداد میں حصہ رہے گا؟

User ID: Fazil Khan

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

والدین کے اولاد کو جائیداد سے بے دخل کرنے کی کوئی شرعی حیثیت نہیں، جب تک والدین حیات ہیں وہ اپنی جائیداد کے مالک ہیں جس میں اولاد کا کوئی حصہ نہیں اور نہ ہی وہ اس کا مطالبہ کر سکتے ہیں، لیکن والدین میں سے کسی ایک کے انتقال کے بعد جائیداد سے بے دخل کیا ہوا بیٹا حیات ہوا تو وہ بھی دیگر ورثاء کے ساتھ والدین کی وراثت میں حصہ دار ہوگا کیونکہ وراثت شریعت کا مقرر کردہ حق ہے ، جو کسی کے ساقط کرنے سے ساقط نہیں ہو سکتا۔

سیدی اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"جو شخص فی الواقع عاق ہو تو اس کا اثر امور آخرت میں ہے کہ اگر اللہ عزوجل والدین کو راضی کرکے اس کا گناہ معاف نہ فرمائے تو اس کی سزا جہنم ہے، والعیاذ باللہ، مگر میراث پر اس سے کوئی اثر نہیں پڑتا، نہ والدین کا لکھ دینا کہ ہماری اولاد میں فلاں شخص عاق ہے ہمارا ترکہ اسے نہ پہنچے اصلاً وجہ محرومی ہو سکتا ہے کہ اولاد کا حق میراث قرآن عظیم نے مقرر فرمایا ہے والدین خواہ تمام جہان میں کسی کا لکھا اللہ عزوجل کے لکھے پر غالب نہیں آسکتا ولہذا تمام کتب فرائض وفقہ میں کسی نے اسے موانع ارث سے نہ گنا۔"

(فتاوی رضویہ، جلد26، صفحہ 181، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

15 شوال المکرم 1444ھ/05 مئی 2023ء

AL RAZA QURAN--FIQH ACADEMY

72

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

ڈھول بجانا کیسا؟

سوال: علماء کرام سے عرض ہے کہ یہ تو ہمارے علم میں آگیا کہ ڈھول بجانا کسی صورت بھی جائز نہیں۔ اگر اس موضوع پر کسی مستند کتاب یا پھر فتاوی رضویہ سے کوئی حوالہ عنایت فرمادیں تو آپ کی بڑی نوازش ہوگی۔

User ID: kami shah

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فتاوی رضویہ میں ہے :"اپنی تقریبوں میں ڈھول جس طرح فساق میں رائج ہے بجوانا، ناچ کرانا حرام ہے۔

(فتاوی رضویہ، ج23، ص98، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

اور فتاوی امجدیہ میں ہے "ڈھول بجانا، عورتوں کا گانا، ناچ، باجا، یہ سب حرام ہیں"

(جلد4، صفحہ75، مکتبہ رضویہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عبیدعلی حسینی مدنی

08 جمادی الاخری1443ھ/01دسمبر2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

73

دلہن کے پاؤں دھو کر پانی چھڑکنا

سوال: شادی کے دن دولہن کے پیر دھو کر وہ پانی گھر کے چار کونوں میں چھڑکنا کیسا؟ حوالہ دیجئے؟ تفصیل سے بات سمجھایئے؟

user id: Hussain Raza

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مستحب ہے۔ چُنانچہ میرے آقا اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: دُلہن کو بیاہ کر لائیں تو مُستحب ہے کہ اس کے پاؤں دھو کر مکان کے چاروں گوشوں میں چِھڑکیں اِس سے بَرَکت ہوتی ہے۔

(فتاوٰی رضویہ مُخَرَّجہ ج 22، ص 595، مفاتیح الجنان شرح شرعۃ الاسلام ص 447)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

27 صفر المظفر 1443ھ/24 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

74

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

دف کے ساتھ نعت پڑھنا

سوال: دف کے ساتھ نعت شریف پڑھنا کیسا ہے؟ User ID: Ejaz Ahmed

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مروجہ دف جوکہ آجکل موسیقی کی طرز میں بجایا جاتا ہے یہ نعت پڑھتے ہوئے بجانا اور اس کا سننا جائز نہیں کیونکہ دف بجانے کی اجازت صرف نابالغ بچوں، بچیوں کو ہے اور وہ بھی ایسی دف کی جس میں جھانج نہ ہوں اور نہ ہی موسیقی کے اصول و قواعد کے ساتھ ہو۔

جیسا کہ سیدی اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن ارشاد فرماتے ہیں "اوقاتِ سرور میں دف جائز ہے بشرطیکہ اس میں جلاجل یعنی جھانج نہ ہوں، نہ وہ موسیقی کے تال سر پر بجایا جائے ورنہ وہ بھی ممنوع۔"

(فتاوی رضویہ جلد 24 ص 137 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

مزید ایک جگہ سیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ دف بجانے کی شرائط بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں "ہیئات تطرب پر نہ بجایا جائے یعنی رعایت قواعد موسیقی نہ ہو ایک یہی شرط اس مروج کے منع کو بس ہے کہ ضرور تال سم پر بجاتے ہیں۔ بجانے والے مرد نہ ہوں کہ ان کو مطلقاً مکروہ ہے۔ عزت دار بیبیاں نہ ہوں، نص علی کل ذلک فی ردالمحتار۔"

(فتاوی رضویہ جلد 24 ص 141 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

15 شوال المکرم 1444ھ/05 مئی 2023ء

حق مہر میں وراثت

سوال: مفتی صاحب کی بارگاہ میں سوال ہے کی اگر شوہر بیوی سے مہلت لیا ہو بعد میں مہر کی رقم ادا کرنے کی مگر ایک بچی کی ولادت ہوئی اور بیوی کا انتقال ہو گیا مہر کی رقم ابھی باقی ہے دینا ایسے میں اب شوہر کیا کرے کیسے حق مہر ادا کر سکتا ہے اصلاح فرما دیں گا؟

user id : islahi awaz

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

حق مہر ادا کرنا شوہر کے ذمے واجب ہے اب چونکہ بیوی کا انتقال ہو گیا ہے لہذا مرحومہ کے دیگر اموال کے ساتھ اس حق مہر میں بھی وراثت کے احکام جاری ہوں گے اور اس میں سے مرحومہ کے ورثاء کو ان کے حصے کے مطابق ملے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

27صفر المظفر1443ھ/24ستمبر2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

76

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

صدقے کا گوشت چھت پر ڈالنا

سوال: اکثر عامل جو صدقہ کا گوشت چھت پر یا کہیں اور پھینک دیتے ہیں تو کیا اس طرح کرنا صحیح ہے؟

User ID: Ghulam Murtaza

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صدقے کا گوشت چھت یا کسی اور جگہ جانوروں جیسے بلی وغیرہ کے کھانے کیلئے ڈالا اور انہوں نے کھالیا تو ایسا کرنا جائز ہے کہ بحکم حدیث ہر تر جگر میں اجر ہے۔ لیکن اگر وہ گوشت کوئی جانور نہیں کھاتا بلکہ خراب ہوجاتا ہے تو یہ اسراف و گناہ ہے۔ بہتر یہی ہے کہ کسی غریب مسلمان کو کھانے کیلئے دے دیں۔

سیدی اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: "(گوشت) مساکین کو دیں، چیل، کوّوں کو کھلانا کوئی معنی نہیں رکھتا، یہ فاسق ہیں اور کوّوں کی دعوت رسمِ ہنود (یعنی ہندوؤں کی رسم ہے۔)"
(فتاوی رضویہ، ج20، ص590، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ
مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی
01 شعبان المعظم 1444ھ/22 فروری 2023ء

77

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

سورج گرہن اور بد شگونی

سوال: سورج وچاند گرہن کے بارے میں جو باتیں مشہور ہیں مثال کے طور پر عورت حاملہ ہے تو وہ لوہے کی کوئی چیز کاٹنے کے لیے استعمال نہ کرے دین اسلام کا اس بارے میں کیا حکم ہے تفصیل سے بیان فرما دیجئے

User ID: Hafiz M Raza

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سورج اور چاند گرہن کے متعلق مختلف قسم کی باتیں مشہور ہیں سوال میں موجودہ نظریہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کی کوئی حقیقت نہیں اور اس طرح بدشگونی لینا جائز نہیں کہ جس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے ہی ارشاد فرمادیا ہے کہ ولا طیرۃ یعنی بدشگونی کوئی چیز نہیں۔
حاملہ عورت کے لئے بھی یہی حکم ہے کہ وہ نماز پڑھے، دعا کرے توبہ استغفار کرے وغیرہ اور اس وقت کام کرنے کی شرعا کوئی ممانعت نہیں ہے اور عوام میں جتنی باتیں مشہور ہیں کہ حاملہ عورت کوئی کپڑا وغیرہ نہ کاٹے، سو نہیں سکتی، چلتی پھرتی رہے، یہ کام نہ کرے وغیرہ وغیرہ یہ سب بے اصل اور باطل ہیں اور ضعیف الاعتقاد لوگوں کے توہمات ہیں، جن کی شریعت میں کوئی حقیقت نہیں۔ نفع و نقصان کا مالک اللہ تعالیٰ ہے، جو کچھ ہوگا وہ اسی کی طرف سے ہوگا، سورج یا چاند گرہن یہ موثر بالذات نہیں ہیں اور نہ ہی اس پر یقین رکھنا چاہیے۔ (دارالافتاء اہلسنت فتوی نمبر 22947)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ
مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی
13 شوال المکرم 1444ھ/03 مئی 2023ء

78

سسر کا بہو سے جسمانی خدمت لینا

سوال: بہو کا اپنے سسر کی ٹانگیں دبانا کیسا؟

User Id: saqib Ali

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حقیقی سسر اگرچہ بہو کا محرم ہے لیکن سسر کا بہو سے ٹانگیں نہ دبوانے میں ہی عافیت ہے بالخصوص جبکہ سسر جوان ہو کیونکہ اس سے کئی فتنوں کے دروازے کھل سکتے ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

21 صفر المظفر 1443ھ/18 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

زندہ کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ لکھنا

سوال: کیا ظاہری طور پر زندہ انسان کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کہا اور لکھا جا سکتا ہے؟

User ID: Abdul jabbar

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

رحمۃ اللہ علیہ ایک دعائیہ جملہ ہے جس کا معنی ہے کہ اللہ پاک کی ان پر رحمت ہو لہذا معنی کے اعتبار سے زندوں کے نام کے ساتھ بھی رحمۃ اللہ علیہ بول اور لکھ سکتے ہیں۔ البتہ ہمارے ہاں فوت شدگان کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ لکھنا رائج ہے اس لیے لوگوں کو تشویش سے بچانے کیلیے زندہ کے نام کے ساتھ نہ لکھا جائے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عابد علی حسینی مدنی

10 جمادی الاخری 1443ھ/03 دسمبر 2023ء

علوی کسے کہتے ہیں

سوال: میرا آپ سے یہ سوال ہے کہ علوی کیا کاسٹ ہے اس کے بارے میں رہنمائی فرمائیں

User ID: Baba ki ladli

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حضرت علیؓ المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد بھی نکاح فرمائے تو ان سے جو اولاد ہوئی ان کو علَوی کہا جاتا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

01 شعبان المعظم 1444ھ/22 فروری 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

81

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

عدت والی عورت کا چارپائی پر سونا

سوال: کیا عدت میں بیٹھی ہوئی عورت چارپائی پر سو سکتی ہے؟

User ID: Ab Qayoom

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت عدت کے دوران چارپائی پر سو سکتی ہے کہ چارپائی پر سونا زینت نہیں جبکہ عدت میں عورت کا زینت اختیار کرنا منع ہے۔

فتاویٰ رضویہ میں ہی ہے "عدت میں عورت کو یہ چیزیں منع ہیں: ہر قسم کا گہنا یہاں تک کہ انگوٹھی چھلا بھی۔ مہندی، سرمہ، عطر، ریشمی کپڑا، ہار پھول، بدن یا کپڑے میں کسی قسم کی خوشبو، سر میں کنگھی کرنا اور مجبوری ہو تو موٹے دندانوں کی کنگھی کرے جس سے فقط بال سلجھا لے پٹی نہ جھکالے۔ پھلیل، میٹھا تیل، کسم، کیسر کے رنگے کپڑے، یونہی ہر رنگ جس سے زینت ہوتی ہو اگرچہ پڑیہ گیرو کا، چوڑیاں اگرچہ کانچ کی، غرض ہر قسم کا سنگار ختم عدت تک منع ہے۔ **چارپائی پر سونا، بچھونا سونے یا بیٹھنے میں بچھانا منع نہیں۔**"

(فتاویٰ رضویہ، جلد13، صفحہ 331، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

13 شوال المکرم 1444ھ/03 مئی 2023ء

صفر کے آخری بدھ کی حقیقت

سوال: ہمارے علاقے میں یہ روایت بزرگوں سے چلی آرہی ہے کہ ماہ صفر کے آخری بدھ کو تمام لوگ دیسی گھی کی چوری (روٹی میں گھی ڈال کر) بنائی جاتی ہے اور اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس بدھ کو حضور ﷺ کو بیماری سے افاقہ ہوا تھا تو کیا یہ عمل کرنا چاہیے یا نہیں؟

user id: Mukhtar Ahmed

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صفر کے آخری بدھ کی کوئی اصل نہیں اور نہ ہی اس دن سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحت یابی کا کوئی ثبوت ہے، بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرض اقدس جس میں وفات ہوئی، اس کی ابتداء اسی دن سے بتائی جاتی ہے، لہٰذا لوگوں کا یہ اعتقاد اور اس کی بناء پر عمدہ کھانے و چوری بنانا اور خوشیاں منانا بے اصل ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "ماہ صفر کا آخر چہار شنبہ ہندوستان میں بہت منایا جاتا ہے، لوگ اپنے کاروبار بند کر دیتے ہیں، سیر و تفریح و شکار کو جاتے ہیں، پوریاں پکتی ہیں اور نہاتے دھوتے خوشیاں مناتے ہیں اور کہتے یہ ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس روز غسل صحت فرمایا تھا اور بیرون مدینہ طیبہ سیر کے لیے تشریف لے گئے تھے۔ یہ سب باتیں بے اصل ہیں، بلکہ ان دنوں میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا مرض شدت کے ساتھ تھا، وہ باتیں خلاف واقع ہیں۔"

(بہار شریعت، جلد3، حصہ16، صفحہ659، مکتبۃ المدینہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

21 صفر المظفر 1443ھ/18 ستمبر 2022ء

غیر مسلم سے خون لینے کا حکم

سوال: کیا غیر مسلم سے خون لے سکتے ہیں؟

User ID: Haji Muhammad

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مسلمان کو خون لگوانے کی حاجت ہو تو اولاً یہ کوشش کی جائے کہ کسی مسلمان کا خون لگایا جائے مسلمان کا خون میسر نہ ہو تو عند الضرورۃ غیر مسلم کا خون لگوا سکتے ہیں۔

فتاویٰ یورپ میں ہے کہ: باقی رہا مسلم و غیر مسلم کا خون تو اس میں ماہیئت اور اثر کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں عند الضرورۃ مسلم کا خون غیر مسلم کو اور غیر مسلم کا خون مسلم کو، دیندار کا خون فاسق وفاجر کو اور فاسق وفاجر کا خون متقی وپرہیز گار کو لگایا جا سکتا ہے۔

(فتاویٰ یورپ، صفحہ نمبر 515، مطبوعہ شبیر برادرز، لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبیر علی حسینی مدنی

13 رجب المرجب 1443ھ/04 جنوری 2023ء

غیر محرم عورتوں سے ہاتھ ملانا

سوال: خاندان کی عورتیں جیسے خالہ، پھپھو وغیرہ اور اپنی کزنوں سے ہاتھ ملانا جو کہ ہم سے عمر میں بڑی ہو بہنوں کی طرح ہو؟

User ID: Sheraz Ali

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خالہ اور پھپھو کے ساتھ ہاتھ ملانے میں حرج نہیں کہ یہ محارم ہیں لیکن ان کے علاوہ دیگر غیر محرم عورتوں اور اپنی کزنوں سے ہاتھ ملانا یا ان کو چھونا شرعاً جائز نہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”لان یعطن فی رأس احدکم بمخیط من حدید خیر لہ من ان یمسّ امرأۃ لا تحلّ لہ۔“ تم میں سے کسی کے سر میں لوہے کی سوئی گھونپ دی جائے تو یہ اس کے لیے اس سے بہتر ہے کہ وہ ایسی عورت کو چھوئے جو اس کے لئے حلال نہیں۔ (معجم کبیر، ابو العلاء یزید بن عبد اللہ۔۔۔الخ، 20 / 211، الحدیث: 486)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

14 شوال المکرم 1444ھ/04 مئی 2023ء

85

غیر قانونی طور پر دوسرے ملک جانا

سوال: جو احباب ڈنکی لگا کر (کسی بین الاقوامی سرحد کو غیر قانونی طور پر پار کر کے) بیرون ممالک جاتے ہیں ان کی کمائی کا کیا حکم جاتے ہوئے حادثے میں فوت ہو جائیں تو ان کی موت کا کیا حکم ہے۔؟

User ID: Muhammad shabir

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

غیر قانونی طور پر کسی دوسرے ملک میں جانا شرعا جائز نہیں اور قانونا بھی جرم ہے اور پکڑے جانے کی صورت میں ذلت ورسوائی کا سبب ہے اور ایسا ملکی قانون، جو خلاف شریعت نہ ہو اور اس کی خلاف ورزی میں ذلت کا اندیشہ ہو، ایسے قانون پر شرعا بھی عمل واجب ہے۔ البتہ جائز کام کے عوض ملنے والی رقم اس کیلئے حلال ہو گی۔ اگر راستے میں فوت ہو جائیں تو یہ خودکشی نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عابد علی حسینی مدنی

21 صفر المظفر 1443ھ/18 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

عورتوں کا لاؤڈا سپیکر پر نعت خوانی کرنا

سوال: عورتوں کی لاؤڈا سپیکر پر نعت خوانی کرنے کے بارے میں معلومات فراہم کریں اور جو یوٹیوب پر چینل بنا کر نعت پڑھی جاتی ہیں عورتوں کے لئے کیا حکم ہے تفصیل سے بیان کریں

User ID: Unknown

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورتوں کا لوڈ سپیکر پر اتنی آواز سے نعت خوانی کرنا کہ باہر غیر محرم مردوں تک آواز پہنچے، جائز نہیں اسی طرح عورت کا اپنی آواز میں یوٹیوب ویڈیوز لگانا بھی جائز نہیں کہ عورت کی نغمہ بھری آواز کا بھی پردہ ہے۔ سیدی اعلحضرت علیہ الرحمۃ سے اس حوالے سے سوال ہوا کہ چند عورتیں ایک ساتھ ملک کر گھر میں میلاد شریف پڑھتی ہیں اور آواز باہر تک سنائی دیتی ہے یہ جائز ہے یا نہیں؟ آپ نے جوابا ارشاد فرمایا کہ: ناجائز ہے کہ عورت کی آواز بھی عورت ہے اور عورت کی خوش الحانی کہ اجنبی سے محل فتنہ ہے۔ واللہ تعالی اعلم۔

(فتاویٰ رضویہ، جلد22، صفحہ243، رضا فاؤنڈیشن لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبد علی حسینی مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ/01 دسمبر 2023ء

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

87

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

B.C / کمیٹی کا حکم

سوال: مفتی صاحب میرا سوال یہ ہے کہ کمیٹی ڈالنا جائز ہے؟

User ID: Muhammad Naved

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عام طور پر کمیٹی اس طرح ڈالی جاتی ہے کہ ہر مہینے کچھ افراد مقررہ مقدار میں پیسے جمع کرواتے ہیں اور کسی ایک کا نام منتخب کرکے جمع شدہ پیسے اسے دے دیتے ہیں، یوں آگے پیچھے تمام افراد کو ایک ایک کرکے اپنے جمع کروائے ہوئے مکمل رقم مل جاتی ہے۔ اس انداز پر رہ کر یہ کمیٹی ڈالنا، جائز اور درست ہے۔ باقی بولی والی کمیٹی اور لکی کمیٹی جائز نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عبدعلی حسینی مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ/01 دسمبر 2023ء

قربانی کی رقم صدقہ کرنا

سوال: کیا قربانی کے جانور کی رقم سے سید صاحب کی مالی امداد کر سکتے ہیں اور قربانی کے لئے رقم نہ بچے کیا بندہ گناہ گار ہو گا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر کسی شخص پر قربانی واجب ہے تو قربانی کی رقم صدقہ کرنے سے اس کے ذمہ سے واجب ساقط نہیں ہو گا قربانی بہر حال کرنی ہو گی، کیونکہ قربانی کے وقت میں قربانی کرنا ہی لازم ہے کوئی دوسری چیز اس کے قائم مقام نہیں ہو سکتی مثلاً بجائے قربانی اوس نے بکری یا اس کی قیمت صدقہ کر دی یہ ناکافی ہے اس میں نیابت ہو سکتی ہے یعنی خود کرنا ضرور نہیں بلکہ دوسرے کو اجازت دے دی اوس نے کر دی یہ ہو سکتا ہے۔

﴿الفتاوی الھندیۃ'' ، کتاب الأضحیۃ، الباب الاول فی تفسیرھا ۔۔۔ إلخ، ج 5، ص 294 ، 293﴾

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

13 شوال المکرم 1444ھ/03 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

89

قبر میں چٹائی بچھانا کیسا

سوال: قبر میں جو مردے کے نیچے چٹائی ڈالتے ہیں شریعت اس کا کیا حکم فرماتی ہے؟

User ID; Niaz Muhammad

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قبر کے اندر چٹائی وغیرہ بچھانا ناجائز ہے کہ بے سبب مال ضائع کرنا ہے۔

("الدر المختار"، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجنازۃ، ج3، ص164)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

27 محرم الحرام 1443ھ/26 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

قبر پر پھول ڈالنا

سوال: قبر پھولوں کی پتیاں ڈالنا کیسا !حوالہ کے ساتھ جواب عنائیت فرمائیں

User ID: Ch Waqas

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قبر پر پھول کی پتیاں ڈالنا بلا شبہ جائز عمل ہے کہ جب تک پتیاں تر رہیں گی اللہ کی تسبیح کریں گی تو اس سے مردے کو فائدہ پہنچے گا۔ چنانچہ صحیح بخاری شریف کی حدیثِ پاک ہے کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دو قبروں پر گزر ہوا، فرمایا کہ دونوں میّتوں کو عذاب ہو رہا ہے، ان میں ایک تو پیشاب کی چھینٹوں سے نہیں بچتا تھا اور دوسرا چُغلی کیا کرتا تھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نے ایک تَر شاخ لی اور اس کے دو حصے کئے اور پھر ہر ایک قبر پر ایک حصہ گاڑھ دیا، لوگوں نے عرض کیا کہ آپ نے ایسا کیوں کیا؟ فرمایا: جب تک یہ خشک نہ ہوں تب تک ان کے عذاب میں کمی رہے گی۔ کہا گیا ہے کہ اس لئے عذاب کم ہو گا کہ جب تک تَر رہیں گے تسبیح پڑھیں گے۔

(صحیح البخاری، رقم الحدیث 216، مطبوعہ مکۃ المکرمۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

26 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ/15 جولائی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

مشروم / کھمبی کھانا کیسا

سوال: مشروم (Mashroom) کھانا کیسا؟

User ID: Shahid Raza

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مشروم ایک قسم کی بوٹی ہے جو عموماً بارشوں کے بعد اگتی ہے اسے عربی میں کماۃ شحم الارض، فارسی میں سماروغ اور اردو میں اسے کھمبی کہتے ہیں اس کا کھانا جائز ہے اور احادیث طیبہ میں بھی اس کا تذکرہ موجود ہے۔ چنانچہ بخاری شریف میں ہے کی: عن سعید بن زید رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الکمأۃ من المن وماؤھا شفاء للعین. ترجمہ: حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالی عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کماۃ (یعنی کھنبی) بھی من کی قسم ہے اور اس کا پانی آنکھ کی دوا ہے۔

(صحیح بخاری، حدیث 4478)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
مولانا محمد عبدالعلی حسینی مدنی
29 جمادی الاخری 1443ھ / 22 جنوری 2023ء

مرغی اذان دے تو اسے ذبح کرنا

سوال: مرغی اگر اذان دینا شروع کر دے تو کیا اسے ذبح کرنا ضروری ہو جاتا ہے؟

User ID: Raja Masood

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مرغی اذان دینا شروع کر دے تو اسے ذبح کرنا ضروری نہیں، بعض لوگ ایسی مرغی کو مَنحوس سمجھ کر ذَبح کر ڈالتے ہیں حالانکہ اُسے منحوس سمجھنا بد شگونی ہے اور بد شگونی لینا شَرعاً جائز نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

مولانا محمد عبید علی حسینی مدنی

21 صفر المظفر 1443ھ / 18 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ماہ صفر میں شادی کرنے کا حکم

سوال: صفر کے مہینے میں شادی کرنا کیسا ہے؟

User ID: Mahboob Ali

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صفر کے مہینے میں نکاح کرنا بلاشبہ جائز ہے۔ بعض لوگ صفر کے مہینے میں اس اعتقاد کی بنا پر شادی نہیں کرتے کہ اس مہینے میں بلائیں اترتی ہیں اور یہ منحوس مہینا ہے۔ یہ اعتقاد محض باطل و مردود ہے جس کی کوئی اصل نہیں بلکہ صفر المظفر پہلی ہجری میں حضرتِ سیّدُنا علی المرتضی کرم اللہ تعالی وجھہ الکریم اور خاتونِ جنت حضرتِ سیّدَتُنا فاطمہ زہرہ رضی اللہ تعالی عنہا کی شادی خانہ آبادی ہوئی۔

(بدشگونی صفحہ 60 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی بحوالہ الکامل فی التاریخ، ۱۲/۲)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عبیر علی حسینی مدنی

21 صفر المظفر 1443ھ/18 ستمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

گیارہویں شریف کی شرعی حیثیت

سوال: ماہانہ گیارہویں شریف منانے کے حوالے سے کوئی روایت یا کوئی فتوی ارشاد فرمادیں؟

User ID: Abdul jabbar

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گیارہویں شریف کی شرعی حیثیت ایصال ثواب کی ہے اور ایصال ثواب کرنا قرآن پاک، احادیث مبارکہ اور اقوال فقہاء سے ثابت ہے۔ بخاری شریف میں ہے: "ان رجلا قال للنبی صلی اللہ علیہ وسلم ان أمی افتلتت نفسھا و أظنھا لو تکلمت تصدقت فھل لھا أجران تصدقت عنھا قال نعم" ایک شخص نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ میری ماں اچانک فوت ہوگئی ہیں اور میرا گمان ہے کہ اگر وہ کچھ بات کرسکتیں، تو صدقہ کرتیں۔ اگر میں ان کی طرف سے کچھ صدقہ کروں، تو کیا انہیں اجر ملے گا؟ تو آپ نے فرمایا: ہاں ملے گا۔

(صحیح بخاری، جلد 1، صفحہ 186، مطبوعہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عبدالعلی حسینی مدنی

10 جمادی الاخری 1443ھ/03 جنوری 2023ء

AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY

95

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے صحبت سے روکنا

سوال: بیوی نے شوہر سے یوں کہا اگر تم نماز نہیں پڑھو گے تو میرے قریب مت آنا کیا شرعی حکم ہو گا؟

User ID: Muhammad Imran

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

شوہر کا نماز نہ پڑھنا اگرچہ اللہ پاک کی نافرمانی والے کاموں میں سے ہے، تاہم اس کے باوجود بیوی شوہر کو نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے قریب آنے سے نہیں روک سکتی جبکہ کوئی اور مانع شرعی نہ ہو، پیار و محبت سے سمجھائے بیوی جس طرح اپنی دیگر باتیں منوا لیتی ہے اسی طرح نماز پڑھنے پر بھی پیار بھرا اصرار کرے تلخ انداز نہ اپنائے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ/01 دسمبر 2023ء

96

نام محمد کی برکات

سوال: محمد احمد نام رکھنا کیسا ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نا صرف جائز بلکہ باعث خیر و برکت ہے کہ مواہب لدنیہ میں ہے کہ اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے نامِ نامی (محمد اور احمد) پر نام رکھنا دنیا و آخرت میں فائدہ مند ہے۔
(مواھب لدنیہ، ج2، ص301)

حدیث شریف میں ہے کہ "جس کے یہاں لڑکا پیدا ہو اور وہ میری محبّت اور میرے نام سے برَکت حاصِل کرنے کیلئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اُس کا لڑکا دونوں جنّت میں جائیں گے"۔
(کنزالعمال، جز:15، ج8، ص174، حدیث: 45215)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

25 محرم الحرام 1443ھ / 24 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

آن لائن الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

ناخن کاٹنے کا سنت طریقہ

سوال: ناخن جمعہ کی نماز سے پہلے کاٹنے چاہیے یا نماز کے بعد اور براہ کرم ناخن کاٹنے کا مسنون طریقہ بھی بتا دیں

User ID: Mehmood

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جمعہ کے دن راجح قول کے مطابق نماز سے پہلے ناخن ترشوانا مستحب ہے، ہاں اگر زیادہ بڑھ گئے ہوں تو جمعہ کا انتظار نہ کریں کیونکہ ناخنوں کا بڑا ہونا تنگیِ رِزق کا سبب ہے۔ ہاتھوں کے ناخن تراشنے کا ایک آسان سنت طریقہ یہ ہے کہ سیدھے ہاتھ کی شہادت کی اُنگلی سے شروع کر کے ترتیب وار چھنگلیا سمیت ناخن تراشیں مگر انگوٹھا چھوڑ دیں۔ اب اُلٹے ہاتھ کی چھُنگلیا سے شروع کر کے ترتیب وار انگوٹھے سمیت ناخن تراش لیں۔ اب آخر میں سیدھے ہاتھ کا انگوٹھا جو باقی تھا اس کا ناخن بھی کاٹ لیں اور پاؤں کے ناخن تراشنے کی کوئی ترتیب منقول نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ وضو میں پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرنے کی جو ترتیب ہے اُسی ترتیب کے مطابق پاؤں کے ناخن کاٹ لیں۔ یعنی سیدھے پاؤں کی چھنگلیا سے شروع کر کے ترتیب وار انگوٹھے سمیت ناخن تراش لیں پھر اُلٹے پاؤں کے انگوٹھے سے شروع کر کے چھنگلیا سمیت ناخن کاٹ لیں۔ (ماخوذ از بہارِ شریعت، ج3، ص583)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

25 رمضان المبارک 1444ھ/16 اپریل 2023ء

98

ایک حدیث کی تحقیق

سوال: میں علم کا شہر ہو ابو بکر اسکی بنیاد ہے، عمر اسکی دیواریں ہے، عثمان اسکی چھت ہے اور علی اسکا دروازہ ہے یہ روایت صحیح ہے حوالہ بھی دیں اگر ہے جزاک اللہ؟

User ID; Aameer shahzad

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسند الفردوس میں یہ حدیث شریف موجود ہے اور سند کے اعتبار سے ضعیف ہے۔ الفاظ یہ ہیں اَنَا مَدِیۡنَۃُ الۡعِلۡمِ وَ اَبُوۡ بَکۡرٍ اَسَاسُھَا وَ عُمَرُ حِیۡطَانُھَا وَ عُثۡمَانُ سَقۡفُھَا وَ عَلِیٌّ بَابُھَا یعنی میں علم کا شہر ہوں، ابو بکر اس کی بنیاد، عُمر اس کی دیوار، عثمان اُس کی چھت اور علی اس کا دروازہ ہیں۔" (مُسندُ الفردوس ج1 ص42 حدیث108)

حافظ ابن حجر ہیتمی مکی رحمہ اللہ تعالی علیہ سے اس حدیث کے حوالے سے سوال ہوا تو آپ رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے ارشاد فرمایا: رواہ صاحب مسند الفردوس و تبعہ ابنہ بلا سند عن ابن مسعود رضي اللہ عنہ مرفوعا و ھو حدیث ضعیف. اس حدیث کو صاحب مسند الفردوس اور ان کے بیٹے نے ان کی تبعیت میں بلا سند حضرت سیدنا ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے مرفوعا روایت کیا ہے، اور یہ حدیث ضعیف ہے۔ (الفتاوی الحدیثۃ صفحہ192 مطبوعہ دار الفکر بیروت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

25 محرم الحرام 1443ھ/24 اگست 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

ہاتھ میں دھاگا باندھنا کیسا

سوال: مفتی صاحب اکثر لوگ درباروں پر جاتے ہے وہاں جاکر دھاگہ پہنتے ہیں پھر پوچھا جائے یہ کس لیے ہے بولتے فلاں پیر کی دربار گیا تھا ان کی نسبت سے پہنا ہوا ہے اس بارے میں میں شرعی رہنمائی فرمائیں جزاک اللہ

User ID: Muhammad Mursaleen

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دھاگا اگر دم کیا ہوا ہے پھر تو بلاشبہ پہننا جائز ہے اگر دم کیا ہوا نہیں تو بغیر کسی صحیح مقصد کے ہاتھ میں دھاگا باندھنا فضول و مکروہ ہے۔

بہار شریعت میں ہے: "یادداشت کے لیے یعنی اس غرض سے کہ بات یاد رہے بعض لوگ رومال یا کمر بند میں گرہ لگا لیتے ہیں یا کسی جگہ انگلی وغیرہ پر ڈورا باندھ لیتے ہیں، یہ جائز ہے اور بلا وجہ ڈورا باندھ لینا مکروہ ہے۔"

(بہار شریعت، ج3، ص419، مکتبۃ المدینہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی

08 جمادی الاخری 1443ھ/01 دسمبر 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No: +923471992267

100

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

عمرے سے بھاگ کر کمانے جانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین مفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں جو عمرہ پر جاتے ہے اور وہاں بھاگ کر کماتے ہے کیا یہ جائز ہے؟

User ID: Muhammad Farooq

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایسا کرنا شرعاً جائز نہیں کیونکہ یہ قانونا جرم ہے کہ پکڑے جانے کی صورت میں خود کو ذلت پر پیش کرنا لازم آتا ہے جو کہ شرعا ممنوع ہے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "لا ینبغی للمؤمن أن یذل نفسه" مومن کو جائز نہیں کہ خود کو ذلت ورسوائی میں مبتلا کرے۔ (جامع الترمذی، ج02، ص498، مطبوعہ لاھور)

ہاں البتہ جائز کام کے عوض ملنے والی اجرت لے سکتا ہے لیکن جس کام کی بنیاد جھوٹ اور دھوکہ دہی پر ہو تو اس میں برکت کی امید نہیں کی جا سکتی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــہ
مولانا محمد عمیر علی حسینی مدنی
21 رمضان المبارک 1444ھ/12 اپریل 2023ء